# اردو تفاسیر

(کتابیات)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مرتبہ

جمیل نقوی

29

Ac

تدرہ قومی زبان اسلام آباد

toobaa-elibrary.blogspot.com

الندوہ ٹرسٹ لائبریری
چھتر۔ اسلام آباد

# اردو تفاسیر

(کتابیات)

داخلہ نمبر M1/0536
تاریخ 1-10-2016

داخلہ نمبر 144-728
تاریخ 16-11-2021

مرتبہ

جمیل نقوی

Al Nadwa Library
الندوہ
Chattar Islamabad 46001
Al Nadwa Educational Trust

مقتدرہ قومی زبان ۔ اسلام آباد

۱۹۹۲ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

٥١٦
ج م ی

جملہ حقوق محفوظ ہیں

سلسلۂ مطبوعات : ۲۲۰
عالمی معیاری کتاب نمبر ۴- ۰۸۹ - ۴۷۴ - ISBN ۹۶۹

| | |
|---|---|
| طبع اوّل | فروری ۱۹۹۲ء |
| تعداد | ایک ہزار |
| قیمت | ۳۸ روپے |
| فنّی تدوین | ڈاکٹر عطش دُرّانی |
| مطبع | ایس ۔ ٹی پرنٹرز، گوالمنڈی ۔ راولپنڈی |
| ناشر | ڈاکٹر جمیل جالبی |

(صدر نشین)
مقتدرہ قومی زبان، ۱۶۔ ڈی (غربی)،
بلیو ایریا، ایف ۶/۱، اسلام آباد

داخلہ نمبر 21937 / 10871
تاریخ 19-4-07

toobaa-elibrary.blogspot.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

# پیش لفظ

معیاری تحقیق کے لیے کتابیات ویسے ہی ضروری ہے جیسے انسانی زندگی کے لیے بھرپور اور صحت مند غذا۔ مقتدرہ قومی زبان نے تحقیق کے معیار کو بہتر بنانے اور بلند کرنے کے لیے مختلف موضوعات پر کتابیات شائع کی ہیں جنہیں اہلِ علم حضرات نے قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ زیرِ نظر اُردو تفاسیر کی کتابیات بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جسے ملک کے نامور شاعر، نقاد اور محقق جناب جمیل نقوی نے بڑی محنت، احتیاط اور توجہ سے مرتّب کیا ہے۔ انھوں نے نہ صرف اُردو تفاسیر کے اس ذخیرے کا جائزہ لیا ہے جو شائع ہو چکا ہے بلکہ ایسے مخطوطات کی نشاندہی بھی کی ہے جو ابھی تک اہلِ علم کی نظروں سے پوشیدہ ہیں اور ساتھ ساتھ فاضل مؤلف نے ان تفاسیر کی نشاندہی بھی کی ہے جو پاکستان کی علاقائی زبانوں میں لکھی گئی ہیں۔

کتابیات کے شروع میں جناب جمیل نقوی نے تفسیر نگاری کے ارتقاء کا جائزہ لے کر عربی، فارسی و اُردو تفسیر نگاری کا اجمالی خاکہ پیش کیا ہے۔ کتابیات کو بھی انھوں نے دو حصّوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصّے میں نثری تفاسیر کو شامل کیا ہے اور دوسرے حصّے میں منظوم تفاسیر کا احاطہ کیا ہے۔ آخر میں پانچ ضمیمے شامل کیے ہیں جن میں پشتو، سندھی، پنجابی میں لکھی جانے والی تفاسیر کی وہ کتابیات" مرتب کی گئی ہے۔ ایک ضمیمہ میں عربی تفاسیر کی اور ایک ضمیمے میں فارسی تفاسیر کی تفصیلات دی گئی ہیں۔ ایک اور ضمیمے میں مکاتبِ فکر کے اعتبار سے مشہور عربی تفاسیر کی ضروری تفصیلات

toobaa-elibrary.blogspot.com


درج کی گئی ہیں۔ سب سے آخر میں مآخذ کی نشاندہی بھی کر دی گئی ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس کتابیات کو اہلِ علم اور صاحبانِ نظر قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھیں گے اور یہ کتاب محققین، اساتذہ اور طلبہ میں یکساں مقبولیت حاصل کرے گی۔

—— ڈاکٹر جمیل جالبی

toobaa-elibrary.blogspot.com

# ترتیب


دیباچہ ۷

تفسیر نگاری کا ارتقا اجمالی جائزہ ۹

تفسیر کیا ہے؟ ۹

تفسیر کے اولین ماخذ ۱۱

قرآنِ مجید اور حضور سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم ۱۱

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ۱۲

عہدِ صحابہ کے مابعد عہد کی تفاسیر - اولین تفسیر ۱۳

## برصغیر پاک و ہند میں تفسیر نگاری - مختصر تاریخ ۱۵

عربی تفاسیر ۱۵

فارسی تفاسیر ۱۸

مقامی زبانوں میں تفسیر نگاری کی ابتدا ۲۱

اُردو تفاسیر کا آغاز و ارتقا ۲۳

## کتابیات (اُردو تفاسیر) ۲۹

حصّہ اوّل ۳۱

فصل اوّل : مکمل تفاسیر قرآن ۳۳

toobaa-elibrary.blogspot.com




| | |
|---|---|
| فصل دوم : سورتوں کی تفاسیر | ۶۵ |
| فصل سوم : پاروں کی تفاسیر | ۹۵ |
| فصل چہارم : آیات کی تفاسیر | ۱۱۱ |
| حصّہ دوم : | ۱۲۱ |
| منظوم تفاسیر | ۱۲۳ |
| ضمیمے : | ۱۲۹ |
| ا ۔ پاکستانی علاقائی زبانوں کی تفاسیر : | ۱۳۱ |
| پشتو | ۱۳۳ |
| سندھی | ۱۳۷ |
| پنجابی | ۱۴۱ |
| پنجابی ۔ منظوم تفاسیر | ۱۴۵ |
| ب ۔ برصغیر پاک و ہند کی عربی تفاسیر | ۱۴۹ |
| ج ۔ برصغیر پاک و ہند کی چند مشہور فارسی تفاسیر | ۱۵۳ |
| د ۔ مشہور عربی تفاسیر، باعتبار مکاتبِ تفسیر | ۱۵۵ |
| س ۔ ماٰخذ | ۱۶۵ |
| حرف آخر : وضاحتی یادداشت | ۱۷۳ |

toobaa-elibrary.blogspot.com

# دیباچہ

لوح وقلم کی وہ ازلی و ابدی دستاویز جو آخری صحیفۂ ربّانی "قرآن مجید" کی صورت میں پیغمبر آخر الزّماں حضرت محمّد صلی اللہ علیہ وسلّم پر نازل ہوئی، یہ وہ صحیفۂ عظمیٰ ہے جس کا متکلم خود صانع حقیقی ہے۔ یہ بیک وقت نظریۂ حیات وکائنات بھی ہے اور نوع انسانی کے لیے کامل ترین لائحہ عمل اور دستور حیات بھی۔ اس کی نمایاں خصوصیت جو اس کو جملہ صحائفِ سماویہ سے ممتاز کرتی ہے، اس کا اعلیٰ ترین تناظر ہے۔ جس سے حقائقِ کائنات اپنی صحیح حالت میں دکھائی دیتے ہیں اور انسانی شعور کے لیے رُشد و ہدایت کا بہترین لائحہ عمل فراہم کرتے ہیں۔

ظاہر ہے کہ مُلہم حقیقی، فیّاضِ مطلق کی نگاہِ ہمہ بیں حقائق سے جس قدر بدرجۂ اتم اور براہِ راست آشنا اور محیطِ کل ہے وہ مشاہدۂ و ادراک کا منتہائے کمال ہے۔ اس لیے قرآنِ مجید کی تمام آیاتِ مبارکہ آیاتِ بیّنات ہیں اور ان کی طرف جس پہلو اور جس زاویہ سے بھی نگاہ ڈالی جائے اس کے ہر نقطے کی تہ میں حقائق و معارف اور رموز و نکات کا بحرِ بیکراں اپنی انتہائی جولانی کے ساتھ موجزن دکھائی دیتا ہے اور ہم اس کی اتھاہ گہرائی میں جس قدر بھی غوطہ زن ہوں گے اتنے ہی گوہر بدست نکلیں گے۔ مصوّرِ بے ہمتائے ازل کا ماورائی نقشِ جمیل ہونے کے باعث قرآنِ کریم کائنات ہمہ رنگ ہے جو وسیع ترین کینوس پر محیط ہے اور ہر انسان کو دعوتِ فکر و نظر دیتا ہے۔ اس کی مہتم بالشان نوعیت اس سے ظاہر ہے کہ رب العزت نے خود ہی فرمایا ہے کہ اگر "سارے کے سارے سمندر سیاہی کا بحرِ بیکراں بن جائیں تو بھی قرآنِ مجید کے ایک نکتہ کی گرہ کشائی بھی نہیں کر سکتے۔ اور اگر نخلہائے بلند سراپا قلم بن جائیں تو بھی اس کی شمّہ

toobaa-elibrary.blogspot.com



بھر پردہ کشائی سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتے۔" تاہم چونکہ اس کا روئے سخن تمام نوعِ انسانی سے ہے اور اس کے اوراق اس کی ہدایت کے لیے نسخۂ کیمیا ہیں، اس لیے ہمارا فرض ہے کہ ہم اس پر اپنی تمام تر توجہ مرکوز کریں اور اس کے فیضانِ اتم اور لامتناہی کی تجلیوں سے کوکبِ جاں کو مستنیر کریں جو دانش و حکمت کے اس نیّرِ اعظم میں پنہاں ہیں۔

شروع ہی سے اربابِ فکر و نظر کو فہمِ قرآن کا اشتیاق تھا۔ وہ خود بھی آیاتِ قرآنی کو سمجھنا چاہتے تھے اور دوسروں کو بھی اس کے اسرار و غوامض سے آشنا کرنے کے خواہش مند تھے تاکہ مُلہمِ حقیقی کا فیضان حاضر و غائب، معاصر و اخلاف، دور و نزدیک سب کو پہنچے اور مشرق و مغرب کا کوئی خطہ اور کوئی قوم اس کی تجلیوں سے محروم نہ رہے۔

یہ سعی و کوشش مرورِ وقت کے ساتھ حالات و ظروف کے مطابق گوناگوں شکلیں اختیار کرتی رہی جس کا نتیجہ ایک عظیم الشّان ذخیرۂ معنوی ہے۔ اس کدّ و کاوش اور جہدِ مسلسل نے ایک مستقل علم کی شکل اختیار کرلی جو اپنی تشریحی نوعیت کی بنا پر تفسیر کے نام سے موسوم ہے۔ اس کی اہمیت اس سے ظاہر ہے کہ یہ قرآن مجید کی توضیح و تشریح ہے۔ کلامِ الٰہی کے بعد اس کو سب سے زیادہ عز و شرف اور قدر و منزلت حاصل ہے۔

لہٰذا جہاں کہیں حلقہ بگوشانِ اسلام موجود ہیں علم تفسیر انتہائی اہمیت و دلچسپی کا حامل ہے اور اس فیضان کو عام کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے عہد بعہد فروغ، سلسلہ وار نشوونما اور ارتقائی پیش رفت کی تفصیلی کیفیت بیان کی جائے۔ یہ تالیف جس کا ان سطور میں تعارف کرایا گیا ہے اس علم کے متعلق کوائف کو سمیٹنے اور اُجاگر کرنے کی کوشش ہے اور اس کے دوران تاریخ میں تفسیر نگاری کے طویل سفر کی دستاویزی روداد بمنزلہ ایسے چراغوں کے ہے، جو اس کے راہ و مقام کو روشن کریں اور اس جادۂ شوق پر نئے رہ نوردوں کو گام زن ہونے کی تحریک دلائیں۔

اُمید ہے علمِ دین کے پروانے اس دعوت پر بصد اشتیاق لبیک کہیں گے۔

جمیل نقوی

الجمیل - اے - ۱۱۹ - بلاک جے
شمالی ناظم آباد - کراچی - ۳۳

toobaa-elibrary.blogspot.com

# تفسیر نگاری کا ارتقاء — اجمالی جائزہ

## تفسیر کیا ہے

تفسیر کا لفظ تین حروف یعنی (ف س ر) فسر سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں توضیح کرنا، تشریح کرنا۔ کھول کر بیان کرنا۔ جو عموماً الفاظ کے سلسلے میں استعمال کیا جاتا ہے، خصوصاً الفاظ نادرہ وغریبہ کی تشریح و توضیح کے لیے لغت کی رو سے "فسر" کے معنی اظہار وبیان ہیں۔ اس کا فعل باب ضَرَبَ ونَصَرَ دونوں سے آتا ہے۔ تفسیر کا مفہوم بھی یہی ہے۔ فَسر بے حجاب کرنے کو بھی کہتے ہیں[1]

علماء نے لفظ تفسیر کی مختلف تعریفیں کی ہیں:

"لفظ جس معنی کے لیے موضوع ہو حقیقت یا مجاز۔ اس کے بیان کرنے کو تفسیر کہتے ہیں اور دلیل مراد کے اظہار و اخبار کو تفسیر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔" (ابوطالب ثعلبی)

"تفسیر ایسا علم ہے جس کی رُو سے نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم پر نازل شدہ قرآن کے معانی سمجھے جاتے ہیں اور اس کے احکام و مسائل اور اسرار و حِکَم سے بحث کی جاتی ہے[2]۔"

"تفسیر ایسا علم ہے جس میں قرآنی آیات کے نزول، اُن کے واقعات اور اسبابِ نزول نیز مکّی و مدنی محکم متشابہ، ناسخ و منسوخ، مطلق و مقید،

---

[1] لسان العرب - ج ۲ - ص ۳۶۱

[2] الاتقان - ج ۴ - ص ۱۷۴

toobaa-elibrary.blogspot.com



مجمل و مفصّل، حلال و حرام، وعدہ و وعید، امر و نہی اور عبرت و امثال وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے[۱]۔"

"تفسیر ایسا علم ہے جس میں بشری استطاعت کی حد تک اس امر سے بحث کی جاتی ہے کہ الفاظ قرآنی سے اللہ تعالیٰ کی کیا مراد ہے[۲]۔"

"تفسیر کے معنیٰ قطعیت کے ساتھ یہ کہنا کہ اس لفظ کے یہی معنیٰ ہیں اور خداوند کریم نے یہی مفہوم مراد لیا ہے۔ اس میں قطعیت و یقین کا ہونا ضروری ہے۔" (امام ماتریدی)

مشہور مفسر و نحوی ابو حیّان اور ثعلب نحوی نے لفظ تفسیر کی تشریح کرتے ہوئے اسے کشف و اظہار کے مفہوم کا مترادف بیان کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں:

"کہ سواری کا پالان اتار کر اس کی پیٹھ ننگی کرنے کو تفسیر کہتے ہیں۔"

اس سے ظاہر ہے کہ کشف و اظہار کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ اس لیے کہ زین اتار دینے سے پیٹھ مکمّل طور پر ننگی ہو جاتی ہے[۳]۔

علامہ زرکشی کے مطابق "تفسیر" وہ علم ہے جس کے ذریعے اللہ کی کتاب کے، جو خاتم الانبیاء حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر نازل ہوئی، مطالب، اس کے احکام اور اس کی حکمت سمجھی جا سکتی ہے۔ یہ علم، لغت و ادب اور فقہ و اصولِ فقہ کے علاوہ علم قرأت کے مطالعہ سے حاصل ہوتا ہے۔

تفسیر کے اصطلاحی مفہوم کے سلسلہ میں یہ کہنا کافی ہے کہ کلام الٰہی کی ایضاح و تشریح کا نام تفسیر ہے یا یہ کہ تفسیر ایک ایسا علم ہے کہ جو قرآن مجید کے الفاظ و معانی واضح کرتا ہے۔

البحر المحیط میں تفسیر کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:

"تفسیر ایک ایسا علم ہے جس میں الفاظ قرآن کے تلفظ۔ ان کے

---

۱؎ الاتقان ۔ ج ۴۔ ص ۱۷۴

۲؎ منہج القرآن ۔ ج ۲ ص

۳؎ البحر المحیط ۔ ج ۱۔ ص ۱۳

toobaa-elibrary.blogspot.com



مفہوم و مدلول، ان کے احکامِ افرادی و ترکیبی اور ان معانی سے بحث کی جاتی ہے جس کی حالتِ ترکیب میں وہ حاصل ہوتے ہیں"۔

یہ بیان کر دینا بھی ضروری ہے کہ لفظ تفسیر ابتدا ءمیں مختلف علمی مسائل کی شرح اور تفصیلات کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ دینی علوم کے ارتقا اور اُن کی موضوعاتی تقسیم کے پیشِ نظر لفظ تفسیر قرآن کریم کی وضاحت اور تشریحات کے لیے ایک جامع اصطلاح کی حیثیت سے مستقلاً اختیار کر لیا گیا۔

آگے چل کر لفظ تفسیر کی تعریف میں علامہ سیوطی، حاجی خلیفہ، علامہ محمّد تھانوی نے علم کلام سے بھی کام لیا اور مختصراً یہ اصطلاح اللہ کی آخری کتاب کی واضح تشریح کے لیے مخصوص ہو گئی اور قرآن مجید کی تشریح و توضیح کے سلسلے میں علماء نے لفظ "تاویل" بھی استعمال کیا ہے اور دونوں لفظوں کو ذرا سے فرق کے ساتھ ہم معنی تصور کیا جانے لگا اور ساتھ ہی "ترجمہ" کی اصطلاح بھی رائج ہوئی۔

جہاں تک عربی زبان میں لفظی ترجمے کا تعلق ہے۔ اسے تفسیر یا تفسیر کا کوئی حصّہ تو نہیں کہا جا سکتا۔ البتہ اس سے مراد قرآن مجید کے الفاظ و معانی اور مطالب کی توضیح و تشریح ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ کو "ترجمان القرآن" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ یعنی قرآن مجید کی تشریح و تفسیر کرنے والا لیکن فقہاء عربی میں لفظ ترجمہ کو تشریح و تفسیر کے ساتھ ساتھ لغوی ترجمہ کے لیے بھی استعمال کرتے آئے ہیں۔

# تفسیر کے اوّلین مآخذ

## قرآن مجید اور حضور سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم

۱۔ قرآن مجید کی تشریح و توضیح کا سب سے پہلا ماخذ خود قرآن مجید ہے اس لیے کہا گیا ہے کہ " القرآن یفسر بعضہ بعضاً"۔

۲۔ اس کے بعد سب سے بڑا ماخذ حضور سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ذاتِ مبارک ہے۔ تفسیر کی ضرورت اور اہمیت کو اُسی وقت سے تسلیم کیا گیا جب قرآن نازل ہو رہا تھا۔ قرآن مجید صحابہ کرامؓ کا اوڑھنا بچھونا تھا اور وہ خلوص و سنجیدگی کے ساتھ اُسے سمجھنے کی کوشش کرتے تھے۔ آیاتِ قرآنی کا مفہوم و مراد سمجھنے کے لیے بلا تکلف

toobaa-elibrary.blogspot.com



حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رجوع کرتے تھے اس لیے کہ ارشاد خداوندی ہے:

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ ۔۔۔۔ (النحل: ۴۴)

اور ہم نے آپ پر قرآن نازل کیا تاکہ آپ لوگوں کے لیے اس کتاب کی وضاحت کر دیں جو آپ پر نازل کی گئی ہے۔

مفسر قرآن علامہ جلال الدین سیوطی کے الفاظ میں:

"قرآن کریم افصح العرب حضرت محمدؐ پر عربی زبان میں نازل ہوا۔ حضرات صحابہؓ اس میں بیان کردہ مسائل و احکام سے آگاہ تھے۔ البتہ اس کے باطنی وقائق و حقائق بحث و نظر اور آنحضورؐ سے دریافت کرنے پر ہی معلوم ہو سکتے تھے"۔

## ۳۔ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ ایسے تھے کہ وہ قرآن سُنتے تو اسے سمجھ لیتے تھے لیکن عام صحابہ کو تفسیر کی ضرورت پیش آتی تھی جس کی مدد سے وہ قرآن مجید کو صحیح طور پر سمجھ سکتے تھے" لہٰذا تفسیر کا تیسرا اہم ماخذ صحابہ کرام کو سمجھا جاتا ہے اور ان کی روایات بطورِ سند تسلیم کی جا سکتی ہیں۔ اس بنا پر صحابہؓ میں حضرت ابن عباسؓ کو متفقہ طور پر پہلا مفسر کہا جاتا ہے۔ ایک روایت کے مطابق حضرت ابن عباسؓ کا تفسیر میں بلند مقام پر فائز ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کا نتیجہ تھا آپؐ نے ابن عباسؓ کے متعلق دعا فرمائی تھی کہ "اللھم علمه التاویل"[۱]۔

عہدِ نبوی اور عصرِ صحابہ کی تفسیری خصوصیات کو مجملاً یوں بیان کیا گیا ہے:

۱۔ اس دور میں قرآن مجید کی پوری تفسیر بیان نہیں کی گئی۔

۲۔ قرآن مجید کی ان آیات کی تفسیر بیان کی گئی جن کے سمجھنے میں کچھ دشواری پیش آتی تھی یا ان میں اجمال پایا جاتا تھا۔

---

[۱] اے اللہ اسے قرآن کی تاویل و تفسیر سکھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۳۔ صحابہ کرامؓ میں قرآن مجید کے معانی و مطالب کے سمجھنے میں بہت کم اختلاف پایا جاتا تھا۔

۴۔ صحابہ کرامؓ قرآن مجید کے اجمالی معانی پر اکتفا کرتے تھے اور تفصیلات میں جانا ضروری خیال نہیں کرتے تھے۔

۵۔ صحابہ کرامؓ کم سے کم الفاظ میں لغوی معانی کی تشریح کو ناکافی سمجھتے تھے۔

۶۔ عہد صحابہ میں تفسیر کی کوئی جداگانہ منظم صورت نہ تھی۔ حضور اکرمؐ سے منقول آیاتِ قرآن کی تشریح و توضیح احادیث نبویؐ کے زمرہ میں ہی شامل تھیں[لے]۔

## عہد صحابہ کے مابعد عہد کی تفاسیر ۔ اولین تفسیر

سب سے پہلے کس نے مکمل تفسیر قرآن مجید مرتب کی، ہنوز تحقیق طلب ہے۔

۱۔ عبدالملک بن مروان (م ۸۶ھ) نے سعید بن جبیر (وفات ۹۵ھ) کو قرآن کی تفسیر لکھنے پر مامور کیا تھا۔

۲۔ وفیات الاعیان کے مطابق عمرو بن عبید (جو معتزلہ کے شیخ ہیں) نے حضرت حسن بصری (وفات ۱۱۶ھ) سے روایت کر کے ایک تفسیر مرتب کی تھی۔

---

لے مفسرین صحابہؓ

جلال الدین سیوطی نے الاتقان میں حسب ذیل مشہور مفسر صحابہ کرامؓ کے نام گنائے ہیں:۔

۱۔ حضرت ابوبکرؓ ۲۔ حضرت عمرؓ ۳۔ حضرت عثمانؓ ۴۔ حضرت علیؓ ۵۔ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ ۶۔ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ ۷۔ حضرت ابیؓ بن کعب ۸۔ حضرت زید بن ثابتؓ ۹۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ ۱۰۔ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ۔

ان کے علاوہ بھی بعض صحابہ سے تفسیری روایات مشہور ہیں۔ جن کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں:۔

۱۔ حضرت انس بن مالکؓ ۲۔ حضرت ابوہریرہؓ ۳۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ ۴۔ حضرت جابر بن عبداللہؓ ۵۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ ۶۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ۔ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام، ج ۴، ص ۷۰۳۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۳۔ ابن جریج (متوفی ۱۵۰ھ) نے تین ضخیم جلدوں میں ایک تفسیر لکھی تھی جس کو محمد بن ثور نے ان سے روایت کیا۔

۴۔ ابن ندیم کے بیان کے مطابق فراء نحوی نے تفسیر القرآن کے سلسلے میں کتاب المعانی ترتیب دی تھی۔ (متوفی ۲۰۷ھ) (لیکن بعض محققین کے خیال ہیں) اس کے بعد ابو عبیدہ نے مجاز القرآن مرتب کی۔

۵۔ ابوالحسن اشعری نے ایک ضخیم تفسیر لکھی۔ المقریزی بتاتے ہیں کہ اس کی ۷۰ جلدیں ہیں۔

۶۔ امام جوینی نے ایک ضخیم تفسیر مرتب کی تھی جس میں ہر آیت کی دس طرح تفسیریں لکھی تھیں۔

۷۔ امام قشیری کی جانب بھی ایک تفسیر منسوب ہے۔

۸۔ ابوہلال عسکری نے "کتاب المحاسن فی تفسیر القرآن۔ تحریر کی تھی جو ۵ جلدوں پر مشتمل تھی۔

علاوہ ازیں بے شمار کتب تفسیر القرآن کے سلسلہ میں مرتب ہوئی تھیں۔

علما کا بیان ہے کہ ابن الانباری کو ایک سو بیس ۱۲۰ کتب تفاسیر کے نام یاد تھے۔

جہاں تک قرآن مجید کے دوسری زبانوں میں ترجمے کا تعلق ہے ترجمہ یا تو لفظی ہوگا یا با محاورہ یا قرآن کے معانی و مطالب کو دوسری زبان میں آزاد ترجمے کے ذریعے منتقل کیا جائے گا۔ اس قسم کے تراجم، قرآن مجید کے تشریحی حواشی سے ملتے جلتے ہیں جو نہ صرف دوسری زبانوں میں بلکہ عربی زبان میں بھی لکھے گئے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

# برصغیر پاک ہند میں تفسیر نگاری

## مختصر تاریخ

ہندوستان اور پاکستان میں تفسیر نگاری کب شروع ہوئی اور سب سے پہلے کس نے تفسیر لکھی، اس کا تعین کرنا خاصا مشکل ہے اور کوئی ایسی تصنیف موجود نہیں جو اس بنیادی سوال کا جواب دے سکے۔ بہرحال اس خطے میں اس متبرک فن کا آغاز عربی تفسیر نگاری سے ہوا۔

## عربی تفاسیر

مختلف حوالوں سے پتہ چلتا ہے کہ پاک و ہند میں سب سے پہلی عربی تفسیر ابوبکر اسحاق بن تاج الدین ابوالحسن (وفات ۷۳۶ھ) نے لکھی جو حنفی المذہب تھے اور ابن تاج کے نام سے مشہور رہے۔ انھوں نے جواہر القرآن کے نام سے عربی میں قرآن شریف کی تفسیر لکھی تھی اور اس کے بعد اپنی تفسیر کا خلاصہ بھی خود ہی جواہر القرآن فی بیان معانی فی القرآن تحریر کیا تھا۔ جو برلن کے کتب خانہ میں موجود ہے۔

دوسرا نام جو اس سلسلے میں سامنے آتا ہے، مولانا نظام الدین الحسن بن محمّد بن الحسین قمی نیشاپوری ثمّ دولت آبادی کا ہے، جو نظام اَعْرَج کے نام سے مشہور تھے۔ نیشاپور سے ترک وطن کرکے دولت آباد میں آکر آباد ہو گئے تھے اس لیے دولت آبادی کہلائے۔ انھوں نے قرآن کریم کی ایک تفسیر بھی لکھی جس کا نام غرائب القرآن و رغائب الفرقان ہے (مخطوطہ ۲) ان کے لیے بھی کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے عربی میں تفسیر آپ ہی نے مرتب فرمائی۔ ایک دوسری

toobaa-elibrary.blogspot.com



تفسیر بھی لکھی تھی جس کا نام لب التاویل فی تفسیر القرآن ہے اور ایک جلد میں ہے۔ آپ کا سال وفات ۷۲۸ھ بتایا جاتا ہے۔

تاریخی طور پر دو نام اور اس سلسلے میں سامنے آتے ہیں یعنی امیر کبیر سیّد علی ہمدانی اور امیر کبیر تاتارخاں۔ امیر کبیر سیّد علی ہمدانی جو ۷۸۱ھ میں ہندوستان آئے اور کشمیر میں قیام کیا۔ ۷۸۶ھ میں وفات پائی[۱] انھوں نے ایک عربی تفسیر لکھی تھی جس کا ایک نسخہ انڈیا آفس لائبریری لندن میں موجود ہے۔

امیر کبیر تاتارخاں — سلطان غیاث الدین تغلق کو سفر جہاد کے دوران ایک نوزائیدہ بچہ ملا، جس کا نام سلطان نے تاتار خاں رکھا۔ یہ بچہ آگے چل کر دربارِ سلطانی کا مقرب خاص بن گیا۔ اس نے تفسیر، موسومہ تفسیر تاتارخانی ترتیب دی تھی[۲]۔

فیروز شاہی دور کے مشہور مورخ علاّمہ عفیف نے مندرجہ ذیل الفاظ میں اس تفسیر کا ذکر کیا ہے:

> "معتبر راویوں کا بیان ہے کہ اس (تاتارخاں) نے علما کے ایک گروہ کو جمع کیا اور تفاسیر اکٹھا کر کے ہر آیت کے متعلق آئمہ و مفسرین کے تمام اقوال یکجا کر دیے اور ہر مفسر کے نام کی تصریح کر دی یعنی اس طرح اس دور میں موجودہ تفاسیر کو یکجا کر دیا۔"

برصغیر پاک و ہند کی عربی تفاسیر (مکمل اور نامکمل) کی ایک فہرست[۳] بطور "ضمیمہ ب" اس کتاب میں شامل ہے۔

پاکستان جن علاقوں پر مشتمل ہے، انھیں بھی بعض صاحبانِ تفاسیر کا وطن ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اس خطۂ خداداد کے پہلے مفسرِ اعظم عَبد بن حُمید بن نصر ہیں۔ آپ علاقہ کس (کچھ) میں دوسری صدی ہجری میں پیدا ہوئے۔ یہ وہ "کچھ" نہیں جو سندھ کے جنوب میں خلیج

---

۱ے ۷۹۹ھ میں بعہد فیروز شاہ تغلق وفات پائی۔

۲ے تفسیر رحمانی — ۲ جلد مطبوعہ مصر ۱۲۹۵ھ

۳ے ڈاکٹر سالم قدوائی — ہندوستانی مفسرین اور ان کی عربی تفاسیر۔ نئی دہلی۔ جامعہ ملیہ

toobaa-elibrary.blogspot.com



کچھ میں واقع ہے۔ یہ "کس" یا "کچھ" بلادِ سندھ میں واقع تھا۔ ابن حُمید نے ایک عربی تفسیر بھی مرتب کی تھی۔ حافظ ابن حجر عسقلانی کا بیان ہے کہ انھوں نے اس تفسیر کا ایک نسخہ محمدؐ بن مزاحم کے خط میں لکھا ہوا دیکھا تھا۔

شاہ عبدالعزیز نے اسے متداول ومشہور تفسیر کہا ہے اور بیان کیا ہے کہ اُسے عرب ممالک میں پڑھایا جاتا تھا۔ عبد بن حُمید کے شاگردوں میں ابن جریر طبری، ابن المنذر نیشاپوری، ابن ابی حاتم جیسے جلیل القدر علما شامل ہیں۔ (دُرمنثور۔ ج۔ ۶، ص ۴۴۲)۔

ان کے علاوہ گیارھویں / بارھویں صدی ہجری کے چند بزرگ مفسرین کے اسمائے گرامی بھی درج ذیل ہیں:۔

۱۔ طاہر بن یوسف سندھی (وفات ۱۰۰۴ھ)

۲۔ عثمان سندھی (وفات ۔ ۱۰۰۸ھ)

۳۔ شیخ منور الدین لاہوری ۔ مترجم بحر مواج (فارسی) بزبان عربی (وفات ۔ ۱۰۱۱ھ)

۴۔ عیسیٰ بن قاسم سندھی (وفات ۔ ۱۰۳۱ھ)

۵۔ شیخ یعقوب صرفی کشمیری (وفات ۔ ۱۰۵۸ھ)

۶۔ عبدالحکیم بن مولانا شمس الدین سیالکوٹی (وفات ۔ ۱۰۶۷ھ)

۷۔ خواجہ معین الدین کشمیری (۱۰۸۵ھ)

۸۔ مخدوم عبداللہ ۔ مرتب سندھی تفسیر ہاشمی (۱۱۴۷ھ)

(یہ تفسیر مطبع کریمی ۔ بمبئی سے ۱۳۳۰ھ میں طبع ہو چکی ہے جو ۵۰۴ صفحات پر مشتمل ہے)[۱]

---

[۱] تیرھویں صدی ہجری کے مشہور مفسرین:۔

۱۔ نواب مرتضیٰ احمد بخاری (وفات ۔ ۱۲۰۵ھ) ۔ لاہور کے گورنر تھے۔

۲۔ جان محمدؐ لاہوری (وفات: ۱۲۶۸ھ)

۳۔ حسین علی بن حافظ میاں محمدؐ حنفی (وفات ۔ ۱۲۸۲ھ)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



# فارسی تفاسیر:

جیسے جیسے اسلام کی ترقی ہوتی گئی اور کلام الہٰی کا صحیح مقصود و مفہوم سمجھنے والے علماء مفقود ہوتے گئے اور ساتھ ہی جغرافیائی ضرورتوں کے پیش نظر نئے نئے دینی مسائل رونما ہونے شروع ہوئے تو احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں علماء نے قرآن کریم کی تشریح و توضیح کرنی شروع کی۔ قرآنی الفاظ کی وسعت و گہرائی کا تعین کرنے کے لیے اور غیر عرب ممالک میں قرآنِ مجید اور احکام الہٰی کی ترویج کے سلسلے میں عربی زبان کو رواج دینے کی غرض سے عربی لغات، صرف و نحو، قرأت و تجوید، اصول تفسیر اور دوسرے علوم قرآنی نے جنم لیا۔

عربی تفاسیر کا دائرہ تفہیم و استفادہ علماء اور عربی دان طبقے تک محدود تھا۔ اس لیے ایران[1] کے علاوہ برصغیر میں بھی جہاں مسلمانوں کی علمی اور سرکاری زبان فارسی تھی، فارسی میں تفاسیر لکھنے کی ضرورت محسوس کی گئی۔ جس کے نتیجہ میں اعلیٰ پائے کی فارسی تفاسیر (نثر و نظم میں) لکھی گئیں جس کا سلسلہ عہدِ اکبری سے شروع ہوا۔ فتح اللہ شیرازی (امین الملک عضد الدولہ، عضد الملک امیر دربار اکبری۔ (وفات ۹۹۷ھ) نے قرآن مجید کی مشہور تفسیر منہج الصادقین فارسی زبان میں لکھی اور خلاصۃ المنہج کے نام سے اس کا خلاصہ بھی لکھا (فتح اللہ شیرازی شیعہ مسلک کے پیرو تھے)۔

علاوہ ازیں فخرالدین رازی (وفات ۶۰۶ھ) کی تفسیر مفاتیح الغیب المعروف بہ تفسیر کبیر کا فارسی ترجمہ دورِ عالمگیر میں ایک عالم ملا صفی الدین اردبیلی کشمیری نے شہزادی زیب النساء کی فرمائش پر کیا تھا۔ اس ترجمے کا نام " زبدۃ التفاسیر" تھا۔ یہ تفسیر کئی جلدوں پر

---

[1] چھٹی صدی ہجری میں شیخ ظہیر الدین ابو جعفر محمد بن محمود نیشاپوری (وفات ۵۷۷ھ) نے ایک عمدہ فارسی تفسیر موسومہ "البصائرنی تفسیر" کئی جلدوں میں لکھی تھی جس کا ایک مخطوط مرقومہ ۶۸۲ھ رائل ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ ایک اور قدیم فارسی تفسیر کا بھی حوالہ ملتا ہے۔ علی بن محمد شاہ رودی بطالہ (وفات ۸۷۵ھ) تفسیر الحمدیہ۔ ۲ جلد

toobaa-elibrary.blogspot.com



مشتمل تھی، اب نایاب ہے، صرف چھٹے حصے کا بعض کتب خانوں میں پتہ چلتا ہے۔ (چند اور تفاسیر فارسی برصغیر میں تصنیف و ترجمہ ہوئیں، کی تفصیلات ضمیمہ (ج) میں ملاحظہ کیجیے۔

---

toobaa-elibrary.blogspot.com

# مقامی زبانوں میں تفسیر نگاری کی ابتداء

برصغیر پاک وہند کی مقامی زبانوں میں تفسیر نگاری کے آغاز کے سلسلے میں دو تاریخی روایات ہیں:

۱۔ کشمیر کے ایک راجہ کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے قرآن مجید کی تفسیر مقامی زبان میں تیار کرائی تھی[۱] اسی روایت کو ڈاکٹر جمیل جالبی نے اپنی تاریخ ادب اُردو[۲] میں عجائب الہند مصنفہ بزرگ بن شہریار (تصنیف ۲۷۰ھ/۸۸۱ء) کے حوالہ سے ذرا تفصیل سے بیان کیا ہے کہ:

"یہاں کے راجہ نے جو جورا اور کشمیر بالا اور کشمیر زیریں کے علاقوں پر قابض تھا، منصورہ کے امیر منصور عبداللہ بن عمر عبدالعزیز کو خط لکھ کر فرمائش کی کہ ہندی زبان میں اس کے لیے اسلامی احکام و قوانین کی تفسیر و تشریح کی جائے۔ عبداللہ نے منصورہ کے ایک آدمی کو جو عراق کا رہنے والا تھا لیکن جس کی پرورش و تربیت ہندوستان میں ہوئی تھی، بلایا اور راجہ کی فرمائش بتائی۔ اس عراقی عالم نے ایک قصیدہ تیار کیا اور اس میں وہ تمام باتیں جو راجہ چاہتا تھا، بیان کر دیں اور راجہ کے پاس بھیج دیا۔ راجہ نے اسے بہت پسند کیا اور قصیدہ نگار کو اپنے پاس بھیجنے کی فرمائش کی۔ منصور عبداللہ نے اسے راجہ کے پاس بھیج دیا۔ تین سال بعد جب وہ واپس آیا تو اس نے بتایا

---

۱ے تاریخ مسلمانان پاک۔ وہند ص ۱۰۷

۲ے تاریخ ادب اردو از ڈاکٹر جمیل جالبی۔ حصہ اول ص ۶۷۵

toobaa-elibrary.blogspot.com



کہ راجہ نے اُس سے "ہندی زبان" میں قرآن مجید کی تفسیر لکھنے کی فرمائش کی تھی جو اُس نے پوری کر دی ۔ عجائب الہند کے الفاظ یہ ہیں :۔

"ان یفسر لہٗ شریعۃ الاسلام بالہندیہ" (شریعت اسلام کا ہندی میں حال لکھے) "ان یفسر لہٗ شریعۃ القرآن بالہندیۃ" (قرآن کا ہندی میں مطلب بیان کرے)"[1]

۲۔ ڈاکٹر عبد جہر الحق نے اپنی تصنیف میں لکھا ہے کہ :۔

"عراقی نے ۲۷۰ھ میں قرآن مجید کا ترجمہ یا تفسیر سندھی زبان میں لکھی۔ ہندوستان میں قرآن کریم کا پہلا ترجمہ یہی تھا"[2]

ہو سکتا ہے کہ یہ وہی ترجمہ ہو جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ۔

---

[1] عجائب الہند از بزرگ بن شہریار ص ۲ ۔ بحوالہ نقوش سلیمانی ۔ ص ۵۹، ص ۲۱۔ مطبوعہ کراچی ۔ بعض مورخین نے مذکور الصدر راجہ کا نام مہروُن بن رائق لکھا ہے جو ۲۷۰ھ/۸۸۴ء میں (موجودہ روہڑی سے چار میل مغرب میں واقع) آلور کا حکمران تھا جس کے کھنڈرات اب بھی موجود بتائے جاتے ہیں (ر ح ن)

[2] ملتانی زبان ص ۳۲۱

toobaa-elibrary.blogspot.com

# اُردو تفاسیر

## آغاز و ارتقا

اُردو نثر میں تصنیف و تالیف کی ابتدا چودھویں صدی عیسوی کی پہلی دہائی میں اسلامی دینی کتابوں سے ہوتی ہے۔ خواجہ سید اشرف جہانگیر سمنانی (متوفی ۱۴۰۵ء) کا رسالہ اخلاق و تصوف پر ۱۳۰۸ء کی تصنیف بتایا جاتا ہے اور تاریخی طور پر ہم اس رسالہ کو اردو نثر کی پہلی باقاعدہ تصنیف کہہ سکتے ہیں۔

اُردو میں قرآن مجید کے تراجم و تفسیر کا سلسلہ سولہویں صدی کی آخری دہائی / دسویں صدی ہجری سے شروع ہوا لیکن یہ سلسلہ چند سپاروں یا چند سورتوں سے آگے نہ بڑھ سکا۔ دسویں اور گیارھویں صدی ہجری میں تراجم قرآن کے ساتھ تفسیری حاشیوں کا اضافہ کر کے انھیں تفسیروں کا نام دے دیا گیا تھا۔ یہ نام نہاد تفاسیر مخطوطوں کی صورت میں مختلف کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔

ڈاکٹر مولوی عبدالحق نے "اُردوئے قدیم" میں ایسی چند تفسیروں کا ذکر کیا ہے مثلاً :-

۱- پارہ عم یتساءلون کا ترجمہ دسویں صدی ہجری کے اواخر یا گیارھویں صدی ہجری کے اوائل کی تالیف ہے۔ اور بعض قرائن سے اُردو میں قرآن مجید کا قدیم ترین ترجمہ شمار کیا جاتا ہے۔ تفسیر کی نوعیت کوئی خاص نہیں کہیں کہیں تفسیری الفاظ کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ مفسر کا نام معلوم نہیں۔

۲- سورۂ یوسف کا ترجمہ و تفسیر۔ یہ بھی دسویں صدی ہجری کے اواخر یا گیارھویں صدی ہجری کے اوائل کا خیال کیا گیا ہے اور گجراتی اُردو زبان میں ہے ان دونوں تراجم و تفاسیر کی اولیت متنازعہ فیہ ہے۔

۳- تفسیر حسینی۔ کاشفی ہروی کی تفسیر کا پرانی دکنی زبان میں ترجمہ ہے۔ اس کے مفسر

toobaa-elibrary.blogspot.com



مترجم کا نام معلوم نہیں ہوسکا اور نہ ترجمہ کے سنہ کا پتہ چل سکا لیکن قیاساً یہ گیارھویں صدی ہجری کے اواخر یا بارھویں صدی ہجری کے اوائل کا ترجمہ بتایا گیا ہے۔

۴۔ تفسیر قرآن مجید از سورۂ مریم تا آخر (مع چہل حدیث (کتب خانۂ آصفیہ حیدرآباد) یہ دراصل سورۂ مریم، طٰہٰ، یٰس، صٰفٰت، ص، زمر اور پارہ عم کا ترجمہ و تفسیر ہے اور زبان و بیان کے لحاظ سے قیاساً مابعد گیارھویں صدی ہجری کی تصنیف ہے۔

قدیم اُردو تفاسیر کے سلسلے میں "تفسیر سورۂ ہود" (کتب خانہ آصفیہ) اور تفسیر سورۂ بنی اسرائیل و کہف (کتب خانۂ آصفیہ) کا ذکر بھی آتا ہے جو بارھویں صدی ہجری کی تصانیف خیال کی گئی ہیں۔

تفسیر سورۂ ہود دراصل تیرھویں پارہ کی تفسیر ہے جس کے متعلق مولوی نصیر الدین ہاشمی نے اپنے مضمون "کتب خانہ آصفیہ (حیدرآباد دکن) میں اُردو قرآن شریف کے ترجمے اور تفسیر پر مطبوعہ رسالہ اُردو بابت جنوری ۱۹۵۴ء میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ زبان کے لحاظ سے دسویں صدی ہجری کے آخری دور کی تصنیف معلوم ہوتی ہے لیکن فہرست مخطوطات کتب خانہ آصفیہ میں اسے مابعد گیارھویں صدی کی تصنیف بتایا گیا ہے۔

تفسیر سورۂ بنی اسرائیل و کہف بھی پندرھویں پارے کی تفسیر ہے۔ زبان و بیان کے لحاظ سے اسے بارھویں صدی ہجری کے مابعد کی تفسیر کہا جاسکتا ہے اور اس کے مفسر کا تعلق (نامعلوم) شمالی ہند سے معلوم ہوتا ہے۔

ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب نے (قدیم اُردو) ایک اور قدیم تفسیر قرآن کا ذکر کیا ہے جو شاہ مخدوم حسینی کی تصنیف ہے اور اسے تیرھویں صدی ہجری کی تفسیر بتایا ہے۔

مختصراً مندرجہ بالا تفاسیر کے مفسرین کا تعلق دکن سے ہے اور اُن کی تفاسیر کی شہرت و استفادہ کا احاطہ بھی اغلباً دکن تک ہی محدود رہا ہوگا۔ اس کے علاوہ بیشتر مذکورہ تفاسیر کے مفسرین اور تواریخ تصنیف بھی نامعلوم ہیں۔

علاوہ متذکرہ بالا دکنی تفاسیر کے چند دیگر تفاسیر کا ذکر کرنا بھی ناگزیر ہے جو بارھویں صدی کی چوتھی دہائی سے اس صدی کے اختتام تک تصنیف ہوئیں:۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۔ قاضی محمد معظم ۔ تفسیر ہندی ۔ (۱۱۳۱ھ ۔ ۱۷۱۸ء)

۲۔ بصائرالقرآن از نکہت شاہجہاں پوری (۱۱۴۴ھ/ ۱۷۳۱ء)

۳۔ تفسیر تنزیل از بابا قادری (۱۱۴۷ھ/ ۱۷۳۴ء)

۴۔ خدائی نعمت المعروف بہ تفسیر مرادیہ (تفسیر سورۂ فاتحہ و پارہ عم) از شاہ مراد اللہ سنبھلی (۱۱۸۵/ ۱۷۷۰ء) جس کا ذکر آگے آئے گا۔

۵۔ تفسیر وہابی از دلیر جنگ ۔ ۴ جلد (۱۱۸۷ھ/ ۱۷۷۳ء)

۶۔ کوکب دری از جمال الدین خاں (۱۲۰۱ھ/ ۱۷۸۸ء)۔

بہر حال شمالی ہند میں پہلی باقاعدہ اور معیاری اردو تفسیر نگاری کی ابتدا بارھویں صدی ہجری کے اواخر سے ہوئی۔ شمالی ہند کی پہلی مقبول عام تفسیر شاہ مراد اللہ[1] انصاری سنبھلی کی تفسیر "خدائی نعمت" معروف بہ "تفسیر مرادی" ۱۴ محرم ۱۱۸۵ھ کو اختتام پذیر ہوئی (خدائی نعمت تاریخی نام ہے)۔ یہ تفسیر متعدد بار طبع ہوئی جس سے اس کی مقبولیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ یہ صرف پارہ عم کی تفسیر ہے اور تقریباً تین سو صفحات پر مشتمل ہے۔[2]

شاہ مراد اللہ پہلے اردو مفسر ہیں جنہوں نے تفسیر مرادیہ کے دیباچہ میں روزمرہ کی زبان (اردو) لکھنے کی وجہ یہ بتائی ہے کہ:

"کروڑوں مسلمان جو ہندی زبان بولتے ہیں عربی اور فارسی زبان سیں کچھ واقف نہیں ہیں اور اسی لیے جن لوگوں نے متن قرآن پڑھا تھا ... ان کو قرآن کی آیتوں کی تفسیر ہندی زبان میں معنی سناؤ تا تھا سننے والے مرد بیبیاں بہت اخلاص سے شوق سے سنتے تھے ... اس حال میں

---

[1] شاہ مراد اللہ انصاری نقشبندی حنفی سنبھل ضلع مراد آباد محلہ میاں سرائے کے رہنے والے تھے۔ اس خاندان کے ایک فرد امین الدولہ انصاری جہاندار شاہ، فرخ سیر اور محمد شاہ کے دور کے امرامیں سے تھے۔

[2] تفسیر مرادیہ کی طباعت: پہلی بار ۔ ۱۲۴۷ھ (نستعلیق ٹائپ میں) ہوگلی (کلکتہ) ۱۲۵۱ھ (مطبع عالم افروز ۔ کلکتہ) ۔ ۱۲۵۸ھ (مطبع محمدی، بمبئی) ۱۲۶۰ھ (نستعلیق ٹائپ میں ۔ (مطبع انوری) کلکتہ ۔ ۱۲۸۴ھ (مطبع حیدری، بمبئی ۱۲۸۰ھ (مطبع برکتی بمبئی)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



بعضے اخلاص مندوں نے کہا جو ہم کو بھی قرآن کی آیتوں کی تفسیر معلوم رہتی، سورتوں کے معنی یاد رہتے تو کیا خوب بات ہوتی .... اوس وقت اللہ تعالیٰ نے اون کے سچے شوق اور اخلاص کی برکت سبیں اس عاجز بندے خاکسار کے دل میں یہ بات ڈال دی جو اس ہندی تقریر کو وہی بات جو عربی فارسی تفسیروں کے بیان میں زبان سے نکلتی ہے اوس ہی تقریر کو کاغذ کے اوپر قلمبند کرکے، لکھ کر اون کو پڑھا دیجیے تو دین کے علوم کی باتیں اون کے اوپر خوب طرح سے معلوم ہو جاویں۔ یاد رہیں، کام آویں ... اچھے عمل کرنے کا شوق بڑھ جاوے ...[۵۱]"

اس سلسلے میں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ شاہ عبدالقادر دہلویؒ کا ترجمہ قرآن پاک اور تفسیر "موضح قرآن"، کو ہم اُردو زبان میں پورے قرآن پاک کی پہلی مکمل تفسیر کہہ سکتے ہیں۔ جو تفسیر مرادیہ کے پورے بیس سال بعد ۱۲۰۵ھ میں تصنیف ہوئی لیکن زبان و بیان کے اعتبار سے دونوں تفاسیر ایک دوسرے سے بہت قریب معلوم ہوتی ہیں۔

اُردو منظوم تفاسیر کے سلسلے میں "تفسیر مرتضوی منظوم" کو اولیت حاصل ہے۔ جس کے مصنف شاہ غلام مرتضیٰ جنونؔ الہ آبادی[۵۲] ہیں۔ یہ بھی صرف پارۂ عمّ کی منظوم تفسیر ہے، اور ۱۱۹۴ھ میں مکمل ہوئی تھی[۵۳] اور متعدد بار طبع ہوئی۔

تیرھویں صدی ہجری کے آغاز سے برصغیر پاک و ہند میں اُردو تفسیر نگاری کا

---

۵۱ منقول از تاریخ ادب اُردو مرتبہ ڈاکٹر جمیل جالبی۔ جلد دوم حصہ دوم ص ۱۰۴۴ مطبوعہ مجلس ترقی ادب لاہور۔ ۱۹۸۲ء۔

۵۲ شاہ غلام مرتضیٰ جنونؔ کا شمار عہد شاہ عالم کے مقتدر شعرا میں ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو: گلشن بے خار از شیفتہ، تذکرہ گلشن سخن از مراد علی مبتلاء، ریاض الفصحا از مصحفی خمخانۂ جاوید از سری رام دہلوی وغیرہ۔

۵۳ ۱۲۵۹ھ میں طبع ہوئی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



روشن دور شروع ہوا۔ خانوادۂ ولی اللہی کے چشم و چراغ شاہ رفیع الدین دہلویؒ[۱] کے اُردو ترجمے ۱۱۹۰ھ کے پندرہ سال بعد اُن کے بھائی شاہ عبد القادر دہلویؒ کا ترجمہ قرآن مجید مع اُردو تفسیر موضح قرآن[۲] کی تصنیف عمل میں آئی اور مبدءِ فیاض سے شہرت دوام کا درجہ عطا ہوا۔

شاہ عبد القادر کی تفسیر موضح قرآن ۱۲۰۵ھ میں پایۂ تکمیل کو پہنچی اور ۱۲۰۶ھ میں سیّد شاہ حقانی نبیرۂ شاہ برکت اللہ مارہروی کی تفسیر قرآنی "موسومہ "تفسیر حقانی" مکمل ہوئی لیکن ہنوز طبع نہیں ہوئی۔[۳]

یہ دریائے فیض دو سو سال سے (موضح قرآن سے شروع ہوکر) اپنی بھرپور روانی کے ساتھ جاری ہے۔ ہمارا دور اُردو تفسیر نگاری کا روشن ترین دور ہے جس میں سر سیّد احمد خاں، شیخ الہند مولانا محمود حسن، مولانا شبیر احمد عثمانی، حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا ثناء اللہ امرتسری، مولانا ابو الکلام آزاد، مولانا ابو الاعلیٰ مودودی، مفتی محمد شفیع، مولانا امین احسن اصلاحی، مولانا محمد ادریس کاندھلوی، مولانا عبد الماجد دریابادی وغیرہم جیسے جلیل القدر اُردو مفسرین نے اُردو زبان میں فن تفسیر نگاری کو چار چاند لگا دیئے۔ علاوہ ازیں عربی و فارسی کی بہت سی مہتم بالشان تفاسیر کو اُردو کا جامہ پہنایا گیا ہے۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

والحمد للہ اولاً و آخراً و صلّی اللہ تعالیٰ

علیٰ سیّدنا محمّد وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وسلم ط

خاکسار

جمیل نقوی عفی عنہٗ

---

[۱] شاہ رفیع الدین اور شاہ عبد القادر دونوں شاہ عبد العزیز محدث ابن شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے چھوٹے بھائی ہیں۔

[۲] شاہ عبد القادر دہلوی کی تفسیر کا صحیح نام "موضح قرآن" ہے۔ عام طور سے لوگ "ال" کے ساتھ "موضح القرآن" لکھتے ہیں جو غلط ہے۔ "موضح قرآن" تاریخی نام ہے جس سے سنہ تصنیف کے اعداد ۱۲۰۵ھ نکلتے ہیں۔

[۳] بحوالہ "تاریخ نثر اُردو بنام نمونۂ منثورات از مولانا احسن مارہروی۔ علی گڑھ یونیورسٹی پریس۔ ۱۹۳۰ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

# کتابیات

## حصّہ اوّل

فصل اوّل ــــــــ مکمّل تفاسیر

فصل دوم ــــــــ سورتوں کی تفاسیر

فصل سوم ــــــــ پاروں کی تفاسیر

فصل چہارم ــــــــ آیات کی تفاسیر

## حصّہ دوم

منظوم تفاسیر

toobaa-elibrary.blogspot.com

# حصّہ اوّل

## فصل اوّل

# تفاسیر قرآن

## (مکمل)

toobaa-elibrary.blogspot.com

# حصہ اوّل

## فصل اوّل

# مکمّل تفاسیر

۱۔ ابراہیم بن عبدالعلی، ابو محمّد۔ تفسیر خلیلی (معہ ترجمہ)، آرہ: ۱۸۸۹ء، ۲ جلدیں۔

۲۔ ابراہیم حنیف۔ صراط مستقیم (جزوی تفسیر آل محمّد)، لاہور: ۱۹۳۰ء

۳۔ ابن عباسؓ، حضرت عبداللہ۔ تفسیر ابن عباس (اُردو ترجمہ)۔ آگرہ: مطبع، امیرالدین گلشن ہند ۱۹۲۶ء (طبع اوّل)۔

۴۔ ابن عربی، محی الدین۔ تفسیر ابن عربی (اُردو ترجمہ) (مترجم، تفصیلات نامعلوم)۔

۵۔ ابن کثیر، امام ابوالفداء عمادالدین۔ تفسیر ابن کثیر (اُردو ترجمہ مولانا محمّد ابراہیم جوناگرھ موسومہ تفسیر محمّدی) کراچی نور محمّد کارخانہ تجارت کتب ۵ جلد ص: ۳۱۲۴۔

۶۔ ـــــــ اُردو ترجمہ۔ لاہور، ابن کثیر اکیڈمی، ۱۹۷۴ء، ۵ جلد (جدید اشاعت)۔

۷۔ ابوالاعلیٰ مودودی، مولانا سیّد۔ تفہیم القرآن، لاہور: مکتبہ ترجمان القرآن، ۶ جلد، (ص: ۴۲۳۶)۔

۸۔ ابو محمّد ابراہیم بن الحکیم، الحاج عبدالعلی آروی۔ تفسیر خلیلی معہ ترجمہ، آرہ: مطبع خلیل، ۱۸۸۹ء۔

۹۔ ابوالحسنات سیّد احمد قادری، مولانا، تفسیر الحسنات بآیات بینات لاہور۔ مرکز دارالتبلیغ مکتبہ حسنات، ۲ جلد (ص: ۹۴۶ + ۹۷۴)

ـــــــ اشاعت دیگر۔ تفسیر الحسنات بآیات بینات خلاصہ تفسیر الآیات باقوال الحسنات، لاہور:

toobaa-elibrary.blogspot.com



مقبول عام پریس ۱۳۷۶ھ ، ۶۲۲ -

۱۰ - ابوالکلام آزاد، محی الدین احمد - ترجمان القرآن ، بجنور مدینہ پریس ۵۱ - ۱۹۳۱ء
۳ جلد - جلد اوّل : مقدمہ تفسیر (سورہ فاتحہ سے سورہ انعام تک ، ص : ۵۳۶
جلد دوم سورہ اعراف سے سورہ انبیا وغیرہ کی تفسیر - ص : ۵۸۰ - جلد سوم :
سورہ النور سے لے کر بعد کی سورتوں تک کے ترجمے و تشریحات ، ص : ۵۴۴ ،
مطبوعہ ۱۹۵۱ء) -

——— اشاعت دیگر (قرآن حکیم کے مطالب مع تفسیر سورہ فاتحہ) دہلی جید پریس - ۱۹۳۶ء
جلد اوّل ، سورۃ فاتحہ سے سورہ اِنعام تک - جلد دوم سورہ اعراف سے سورہ مومنون
تک ، بجنور مدینہ پریس ۱۹۳۶ء - (اب مولانا آزاد کا نظر ثانی شدہ ایڈیشن جو ساہتیہ
اکیڈیمی - نئی دہلی سے ۴ جلدوں میں شائع ہوا ہے - اس میں سورہ نور کا ترجمہ بھی
شامل ہے -

۱۱ - ——— باقیات ترجمان القرآن - جلد سوم ——— سورۃ نور سے سورۃ الناس تک متفرق
آیات کا ترجمہ و تفسیر ، مرتبہ مولانا غلام رسول مہر ، لاہور - شیخ غلام علی اینڈ سنز -
۱۹۷۱ء -

۱۲ - ابوذر سنبھلی (مترجم) - تفسیر جلالین (عربی سے اُردو ترجمہ) ، آگرہ : اعجاز محمدی پریس -
۱۹۰۵ء -

۱۳ - ابو صالح حیدر آبادی : بچوں کی تفسیر (علحدہ علحدہ پارے) ، مکتبہ ابراہیمیہ
حیدر آباد دکن : ۱۳۵۱ھ -

——— جزوی تفسیر قرآن مجید - حیدر آباد دکن : ۱۹۳۲ء -

۱۴ - احتشام الدین محمد مراد آبادی - تفسیر اکسیر اعظم - لکھنؤ نول کشور پریس
۱۳۱۳ھ ، ۹ جلد -

۱۵ - احسن بہاری ، محمد - تفسیر احسن البیان فی خواص القرآن - کانپور : ۱۹۰۳ء -

۱۶ - احسن یار جنگ - تبویب القرآن - حیدر آباد دکن : ۱۳۶۴ھ -

۱۷ - احمد الدین امرتسری ، خواجہ - تفسیر بیان للنّاس (مع ترجمہ) امرتسر : دفتر امتِ مسلمہ -
۱۹۱۰ء ، جلد (تفسیر کا نام سورۂ آل عمران کی آیت ۱۳۸ سے ماخوذ ہے) -

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۸۔ احمد حسن فاضل۔ تفسیر جدید۔ ۱۹۵۲ء (قلمی مسودہ مخزونہ نیشنل میوزیم کراچی)۔

۱۹۔ احمد حسین محدث، سہاروی دہلوی۔ مولانا سید (وفات: ۱۹۲۰ء)۔ احسن التفاسیر (مع ترجمہ شاہ عبد القادر دہلوی) دہلی کرزن گزٹ پریس۔ ۱۹۱۵ء۔ (حضرت شاہ ولی اللہ و شاہ عبد القادر کے ترجمے جمع کیے ہیں اور اپنا حاشیہ موسوم احسن الفوائد تحریر فرمایا ہے جو احادیث نبوی سے مستعار ہے)۔

___ اشاعت دیگر (مع تخریج احادیث از حافظ عبد الرحمن گوڑوی) لاہور: المکتبہ السلفیہ۔ ۴ جلد (ص ۱۷۱۸) جدید ایڈیشن۔

۲۰۔ احمد رضا خاں، احمد یار خاں۔ کنز الایمان (حاشیہ نور عرفان) لاہور۔ نوری کتب خانہ ___ (ص ۱۰۲۴)

۲۱۔ احمد سعید دہلوی، مولانا۔ کشف الرحمان (ترجمہ و فوائد) ۲ جلد، دہلی: موتمر المصنفین، ۱۹۶۲ء۔

۲۲۔ احمد شاہ، مولوی قاضی سید۔ لمع العرفان فی توضیح القرآن (مع ترجمہ) غیر مطبوعہ۔

۲۳۔ احمد علی مرزا (ش)۔ القرآن الحکیم (ترجمہ مع حواشی) تفسیر لوامع البیان لاہور: کتب خانہ حسینیہ ۱۹۵۵ء۔

___ اشاعت دیگر لاہور زر کمپنی ___ ۲ جلد۔ (ص ۱۰۱۶)

۲۴۔ احمد علی لاہوری، مولانا۔ مترجم و محشی قرآن حکیم۔ لاہور: انجمن خدام الدین۔ ۱۹۳۷ء (کیفیت) تفسیر حواشی میں ربط آیات کا خاص اہتمام کیا گیا ہے ___ ۱۹۶۲ء میں اس کا ایک ایڈیشن خاص اہتمام سے شائع کیا گیا ترجمہ و حواشی سے اختلاف کرتے ہوئے مولانا اشرف علی تھانوی نے ایک رسالہ التقصیر فی التفسیر تحریر کیا۔

۲۵۔ احمد یار خاں، مفتی اشرف التفاسیر مطبوعہ ۱۹۰۶ء ص ۵۰۰ (بحوالہ فہرست کتب انجمن ترقی اردو کراچی۔ یہ تفسیر ۳۰ جلدوں میں)۔

۲۶۔ احمد یار خاں، مفتی، بدایونی۔ نور العرفان فی حاشیۃ القرآن المعروف

toobaa-elibrary.blogspot.com



ب۔ مختصر تفسیر نعیمی لاہور : پنجاب پریس، ۱۳۷۷ھ، ص: ۱۰۰۸۔ معہ ترجمہ کنزالایمان۔
گجرات ۔ ادارۂ کتب اسلامیہ ۔ ۱۹۷۰ء ۱۲ جلد ۔

۲۷۔ اذہر، محمّد فتح الدین انصاری۔ تفسیر روح الایمان فی تشریح آیات قرآن۔
حیدرآباد دکن : اختر دکن پریس، ۱۳۳۶ھ ص: ۶۶۲۔
ارشاد الحق تھانوی ۔ تفسیر قرآن مجید معہ ترجمہ ہر ماہ رسالہ قرآن الہدیٰ ۔ کراچی
میں شائع ہوتی ہے۔

۲۸۔ اسحاق، مولوی محمّد۔ ترجمہ تفسیر کبیر ۔ دہلی : ۱۹۱۰ء ۔ حصہ اول (امام
فخر الدین عمر رازی، م ۶۰۶ھ کی تفسیر کا اُردو ترجمہ)
نوٹ : امام رازی سورۂ انبیاء تک یہ تفسیر لکھنے پائے تھے کہ وفات پائی۔ شیخ
نجم الدین احمد بن محمّد القولی (متوفی ۷۷۷ھ) نے کچھ تکمیل کی مگر اس کا مکمل تکملہ
قاضی الفقہا شہاب الدین بن خلیل الخولی دمشقی (متوفی ۹۳۲ھ) نے کیا۔ پوری
تفسیر ۸ جلدوں میں ہے (ابن خلکان)۔

۲۹۔ اسمٰعیل شہید دہلوی۔ (ف ۱۲۴۷ھ) مولانا محمّد۔ اعظم التفاسیر۔ مطبوعہ ۱۳۱۲ھ۔
۴ جلد (حوالہ فہرست کتب خانہ آصفیہ، حیدرآباد دکن)۔

۳۰۔ اسمٰعیل شافعی ۔محمّد تفسیر اسمٰعیلی ۔ زنناگری : ۱۸۷۶ء ۔

۳۱۔ اشرف علی تھانوی ۔ حکیم الامت مولانا محمّد۔ تفسیر بیان القرآن ۔ ۱۲ جلد
دہلی ۔ مجتبائی پریس ۔ ۱۳۳۶ھ (مولانا محمّد عبد اللہ چھپراموی نے "البیان
ترجمان القرآن" ضمیمہ کے نام سے اس تفسیر پر تنقید لکھی جو اُردو پریس کلکتہ سے
۱۳۴۶ھ میں شائع ہوئی)۔

۳۲۔ اشرف علی شمسی، محمّد۔ تفسیر لوامع البیان ۔ حیدرآباد دکن :
۱۹۲۶ء ۔

۳۳۔ اشرف، محمّد (بن نعمت اللہ (م ۱۲۴۴ھ)۔ تفسیر القرآن ۔

۳۴۔ اعجاز ولی خاں، مفتی۔ تنویر القرآن علیٰ کنز الایمان (پہلا پارہ) ۔ مطبوعہ
۱۳۶۸ھ ۔ (معہ ترجمہ مولانا احمد رضا خاں بریلوی ۔ زیر طبع ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۳۵۔ اقبال حاتم۔ تفسیر القرآن بآیات القرآن ۔ لاہور: ۱۹۳۴ء۔

۳۶۔ اکبر علی ۔ علم القرآن یعنی مطالب القرآن ۔ حیدر آباد دکن۔ ۱۹۲۰ء

۳۷۔ اکرم شاہ۔ تفسیر، ترجمہ وحواشی ۔ لاہور : چودھری غلام رسول اینڈ سنز ۱۳۸۴ھ ۔ ۶۵ (جلد اول سورہ توبہ تک) (طباعت جاری ہے)۔

۳۸۔ اکمل، ظہور الدین۔ تفسیر معارف القرآن ۱۹۱۷ء۔

۳۹۔ امام علی اکبر آبادی۔ تفسیر جواہر القرآن ۔ آگرہ : مطبع گلشن احمدی ۔ ۱۸۷۲ء

۴۰۔ امداد حسین کاظمی، سیّد (ش)۔ القرآن المبین مع ترجمہ تفسیر المتقین مطالب روایات ائمہ معصومین ۔ لاہور : انصاف پریس ۔ ۱۹۶۰ء (مسلک شیعہ)۔

۴۱۔ امداد علی بن رحمٰن بخش (امیر راجہ) (۱۲۶۲ھ ۔ ۱۲۱۸ھ) ۔ تفسیر منہاج السداد (مسلک شیعہ)۔

۴۲۔ امیر الدین حسین، سیّد۔ ممتاز التفاسیر ۔ قلمی ۔ ۱۲۵۰ھ ص ۶۲ (مخزونہ کتب خانہ سالار جنگ حیدر آباد دکن) ۔ مطبوعہ ۔ ۱۸۳۴ء ۔

۴۳۔ امیر حسن خاں سُہا۔ ترجمہ تفسیر ابن عربی (حوالہ رسالہ احیا المیت صفحہ ا علامہ مبدہٗ مصری نے بحوالہ رسالہ المنار مصر اسے باطنی کاشانی کی تفسیر بتایا ہے)۔

۴۴۔ ______ ترجمہ تفسیر احمدی مؤلف شیخ احمد عرف ملاجیون امیٹھوی (وفات ۱۱۲۰ھ) (بحوالہ رسالہ احیاء المطلب و فہرست کتب انجمن ترقی اُردو کراچی مرتبہ انتظام اللہ شہابی اکبر آبادی)۔

۴۵۔ امیر علی، سید (رئیس سونی پت)۔ تفسیر عمدۃ البیان (اُردو)۔ ۱۸۹۹ء

۴۶۔ امیر علی، سیّد ۔ بن معظم علی ملیح آبادی (۱۲۷۴ ۔ ۱۳۳۷ھ)۔ تفسیر مواہب الرحمٰن مسمّٰی بہ جامع البیان ۔ لکھنؤ : مطبع نولکشور ۔ ۱۹۰۲ء ۔ ۳۰ جلد ۔ لاہور : مکتبہ رشیدیہ ۱۹۷۷ء ۔ ۱۰ جلد ۔

۴۷۔ امین احسن اصلاحی، مولانا۔ تدبر قرآن ۔ لاہور : دار الاشاعت اسلامیہ ۸ جلد (مکمل)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۴۸۔ امین احسن اصلاحی۔ مجموعہ تفاسیر فراہی ۔ لاہور : جماعت اسلامی۔ (اس مجموعہ میں ۱۴ تفاسیر شامل ہیں)۔

۴۹۔ انتظام اللہ شہابی، مفتی۔ تفسیر القرآن ۔ دہلی : فاروقی پریس ۱۹۴۸ء (نصف مفتی صاحب نے نصف دیگر علما نے تالیف کی)۔

۵۰۔ انشاء اللہ محمدؐ، مالک اخبار وطن لاہور۔ تفسیر القرآن مع ترجمہ ۔ لاہور : حمیدیہ اسٹیم پریس۔ ۱۹۰۷ تا ۱۹۱۹ء ص ۳۷۴ ۔ ۸ جلد۔

۵۱۔ انظر شاہ، مولانا سیّد۔ مدارک التنزیل (مع حواشی از مترجم) ۔ سہارنپور ۔ مکتبہ خضر راہ ۔ (تفسیر مدارک التنزیل از عبداللہ نسفی (م ۶۸۶ھ)

۵۲۔ انور علی لکھنوی۔ قرآن مجید کے تفسیری حاشیے ۔ قلمی ۔ ۱۸۳۹ء (کتب خانہ آصفیہ ۔ حیدر آباد دکن)۔

۵۳۔ انور سنبھلی۔ ترجمہ تفسیر جلالین ۔ آگرہ : ۱۹۰۵ء

۵۴۔ اولاد حیدر بلگرامی، سیّد (ش)۔ ترجمہ و تفسیر قرآن مجید ۔ آگرہ : ۱۱ جلد (راولپنڈی انجمن حیدریہ میں محفوظ ہے)۔

۵۵۔ آزاد سبحانی تفسیر القرآن ۔ پارہ اول (بقایا زیر طباعت)۔

۵۶۔ آغا حسن، سید۔ ذیل البیان فی تفسیر القرآن آگرہ : مطبع عماد الاسلام ۱۹۳۳ء ۔ ۲ جلد

۵۷۔ بابا قادری ولد سید شاہ محمدؐ یوسف قادری۔ تفسیر تنزیل (۱۲۴۷ھ) یا فوائد بدیہیہ (قلمی۔ تفسیر تنزیل تاریخی نام ہے (۱۲۴۰ھ تا ۱۲۴۷ھ) (کیفیت) (کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی حیدر آباد دکن ادارۂ ادبیات اُردو ۔ حیدر آباد دکن اور کتب خانہ سالار جنگ ۔ جامعہ نظامیہ حیدر آباد دکن ۔ کتب خانہ خاص مولوی عبدالحق کراچی ۔

۵۸۔ باقر زیدی، محمدؐ؛ مترجم۔ ترجمہ تفسیر حیدری ۔ بمبئی : مطبع احمدی ۔ ت ن ۔ ص ۵۷۲ (ترجمہ تفسیر عربی منسوب بہ حضرت امام عسکریؑ)

۵۹۔ بدیع الزماں، محمدؐ۔ جامع التفسیر۔ لکھنؤ ۔ ۱۸۷۶ء

۶۰۔ بشارت احمد۔ انوار القرآن ۔ لاہور : احمدیہ انجمن اشاعت اسلام، ۲ حصے (ص ۲۸۶ + ۲۸۸)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۶۱- بشیر، مولوی محمد (ش)۔ ترجمہ و تفسیر قرآن مجید ۔

۶۲- بشیر الدین محمود قادیانی، مرزا۔ تفسیر کبیر۔ ربوہ: الشرکتہ الاسلامیہ لمیٹڈ۔ ۱۹۴۰ء ۶ حصے (۱۱ جلد) (ص ۵۳۴۹)

۶۳- بشیر الدین محمود، مرزا (خلیفہ ثانی جماعت احمدیہ)۔ ترجمہ قرآن معہ تفسیر صغیر۔ لاہور: نقوش پریس ۱۹۶۶ء (پہلا ایڈیشن ۱۹۰۶ء میں ربوہ سے شائع ہوا تھا)۔

۶۴- ________ تفسیر کبیر کا خلاصہ مخزن معارف۔ از بشیر معین الدین احمد ۱۹۶۳ء۔

۶۵- بغوی۔ حسین ابن مسعود البغوی۔ تفسیر منختہ الجلیل (عربی) کا اردو مختصر ترجمہ (مترجم نامعلوم) برحاشیہ قرآن مجید معہ ترجمہ شاہ عبد القادر دہلوی ۱۸۹۹ء۔

۶۶- ________ قرآن شریف مترجم معہ تفسیر منختہ الجلیل خلاصہ تفسیر بغوی آگرہ: ۱۳۱۶ھ (مترجم نامعلوم)۔

۶۷- بلگرامی۔ سید حامد حسن۔ شارح۔ فیوض القرآن (ترجمہ و تشریح مع ربط آیات و ضروری حواشی)۔ کراچی: ایچ ایم سعید۔ ۱۳۹۶ھ ۲ جلدیں ایضاً، لاہور: مکتبہ جدید، (تین حصے)۔

۶۸- بیضاوی، قاضی ناصر الدین ابو الخیر عبد اللہ بن عمر البیضاوی۔ تفسیر بیضاوی (اردو حاشیہ) لاہور: شیخ غلام علی پبلشرز۔ (ص ۳۸۰)۔

________ دیگر اشاعت۔ دیوبند: مطبع قاسمی (اردو ترجمہ تفسیر "انوار التنزیل" قاضی ناصر الدین ابو الخیر عبد اللہ بن عمر البیضاوی۔ م ۶۸۵ھ)۔

۶۹- پرسبا تیرین پادریان ــ ترجمہ و تفسیر قرآن مجید۔ دہلی: مطبع پیغام۔

۷۰- تائب لکھنوی، فتح محمد۔ خلاصتہ التفاسیر معہ ترجمہ و اشاریہ اجزا و سود لکھنؤ مطبع انوار محمدی۔ ۱۳۰۹ھ۔ ۱۳۱۱ھ۔ ۴ جلد (ص ۲۶۴۰) (بحوالہ الفہرست ص ۶:)

toobaa-elibrary.blogspot.com



۷۱۔ تسلیم، جے پوری، محمّد عثمان سلیم الدین۔ تشریح القرآن (تصنیف ۱۳۰۱ھ)۔ ۱۸۸۳ء ۴ جلد۔

۷۲۔ تہور علی شاہ۔ تفسیر افصح الکلام ۔ حیدر آباد: ۱۹۲۱ء۔

۷۳۔ ثناء اللہ امرتسری، ابو الوفا مولانا۔ تفسیر ثنائی مع ترجمہ ۔ امرتسر: چشمۂ نور ۴۷-۱۳۴۳ھ ۷ جلد (تفسیر قرآن کے ساتھ آریوں کے اعتراضات کا دور بھی ہے) اس کا زمانہ تالیف ۱۸۹۵ء لغایت ۱۹۲۸ء ہے۔

—— اشاعت دیگر: لاہور: ادارۂ ترجمان السنّہ ۔ جدید ایڈیشن (۱۹۷۱ء) ۳ جلدیں۔

۷۴۔ ثناء اللہ عثمانی مجددی پانی پتی۔ محی الاسلام قاضی محمّد۔ سعادت اظہر ترجمہ تفسیر مظہری ۔ (ایک حصّہ) میرٹھ نے مطبع شمس الانوار ۔ ۱۳۵۵ھ ۔ ۷ جلد (اپنے مرشد مرزا مظہر جاناں کے نام منسوب کی ہے)۔

۷۵۔ —— ایضاً تفسیر مظہری (اُردو ترجمہ موسومہ مرزا مظہر جان جاناں دہلی: یونین پرنٹنگ پریس ۔ ۶۷-۱۹۶۲ء ۔ ۶ جلد (جدید ایڈیشن)۔

۷۶۔ جلال الدین محلی و جلال الدین سیوطی۔ تفسیر جلالین (اُردو ترجمہ از محمّد ابوذر سنبھلی) آگرہ: مطبع اعجاز محمّدی ۔ ۱۹۰۵ء

۷۷۔ جمال الدین خاں۔ کوکب دری ۔ دہلی: ۱۲۰۳ھ (ص ۳۳۲) (حوالہ الفہرست ص ۷)۔

—— ایضاً قلمی نسخہ مکتوبہ ۱۷۸۸ء (کتب خانۂ خاص مولوی عبد الحق کراچی)۔

۷۸۔ حبیب احمد کیرانوی ۔ مولانا تفسیر حل القرآن مع ترجمہ ۔ تھانہ بھون: کتب خانہ امدادیہ ۔ ۱۹۲۷ء ۔ حواشی از مولانا اشرف علی تھانوی۔ (جلد اول ۔ سورۂ بقر ۔ جلد دوم تا سورۂ نساء)

۷۹۔ حبیب احمد گردیزی ۔ تفسیر حل القرآن معہ ترجمہ ——

۸۰۔ حبیب اللہ (الحاج) حیدر آبادی ۔ محمّد تفسیر حبیبی (مسودہ) (ص ۸۴۰۰)۔

۸۱۔ حسام الدین محمّد فاضل، علامہ ۔ تفسیر فاضل ۔ حیدر آباد: دستگیری ۔ جلد اول ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۸۲۔ حسرت صدیقی، عبدالقادر۔ تفسیر لطیفی برائے اناث۔

۸۳۔ ایضاً تفسیر صدیقی۔ ۳۰، ۲۹، ۲۸ حیدرآباد، طارق برقی پریس۔

۸۴۔ حسن خاں مصطفیٰ آبادی، محمد۔ مترجم تفسیر فتح العزیز موسومہ بہ نشان التفاسیر۔ بمبئی: مطبع محمدی۔ ۱۳۶۳ھ (ص ۲۴۰) (حوالہ: فہرست کتب خانہ محمدیہ بمبئی)۔

۸۵۔ حسن نظامی دہلوی، شمس العلما خواجہ۔ عام فہم تفسیر قرآن۔ دہلی: ۱۹۳۴ء (ص ۴۲۰)۔ (حوالہ مصنفین اردو مرتبہ جمیل نقوی۔ فہرست کتب خانہ امین منزل، حیدرآباد دکن، سالنامہ منادی۔ دہلی۔ ۱۹۳۷ء۔

۸۶۔ حسین بخش جاڑا۔ علامہ تفسیر انوار النجف فی اسرار المصحف سرگودھا: دارالعلوم محمدیہ ٹرسٹ پاکستان ــــ ۱۱ جلد مکمل (ص ۲۹۰۸)

۸۷۔ حسن علی بن حافظ میاں محمد حنفی نقشبندی (۱۲۸۳ھ ــــ ۱۲۶۳ھ) تفسیر بے نظیر۔

۸۸۔ ـــــــــ تفسیر لمعتہ الحران

۸۹۔ حسین علی وان بھچران، مولانا / غلام اللہ خاں۔ مولانا تفسیر جواہر القرآن۔ راولپنڈی: مکتبہ رشیدیہ ــــ ۲ جلد (ص ۲۸۸ + ۲۴۸)

۹۰۔ حسین محمد ولد شیخ پیر تاج محمود صابری از اولاد بابا فرید گنج شکر تفسیر فریدی امرتسر: ریاض ہند پریس۔ ۱۳۱۴ھ (تفسیر تصوف کے مضامین پر بحث کرتی ہے)۔

۹۱۔ حشمت علی خاں بریلوی، مولانا محمد۔ جواہر الایقان فی توضیح کنز الایمان (بنا بر ترجمہ قرآن احمد رضا خاں بریلوی) بریلی: کتب خانہ رضویہ ــــ ۳ پارے۔

۹۲۔ حضرت شاہ۔ معالمات الاسرار و مکاشفات الاخیار معروف بہ تفسیر حضرت شاہ۔ حیدرآباد دکن: مطبع حیدری ــــ (حوالہ: فہرست مطبع حیدری)۔

۹۳۔ حفظ الرحمٰن سیوہاروی، مولانا۔ تفسیر قصص القرآن ــــ کراچی: دارالاشاعت

toobaa-elibrary.blogspot.com



۴ جلد (ص ۵۷۲ + ۲۸۰ + ۴۱۲ + ۵۲۰)

۹۴۔ حقانی دہلوی ابو محمد عبدالحق۔ فتح المنّان موسوم بہ تفسیر حقانی۔ دہلی: دار الاشاعت تفسیر حقانی۔ مطبع مجتبائی ۱۸۔ ۱۳۰۵ھ۔

جلد ۱ ۔ فصل اول = وجود خدا و نبوت ، فصل دوم = معجزات کے بیان میں۔ فصل سوم = ملائکہ کے بیان میں۔

جلد ۲ = سورہ فاتحہ و پارہ الم۔ ۱۳۰۶ھ۔

جلد ۳۔۷ = پارہ سیقول ۔ تبارک الذی ۔ ۱۳۰۷ھ

جلد ۸ = پارہ عم ۔ ۱۳۱۸ھ۔

(سرسیّد کی ان آرار کا محاکمہ بھی شامل ہے جو عقائدِ سوادِ اعظم کے خلاف ہیں)۔

______ لاہور: مکتبہ الحسن ۔ ۵ جلدیں۔

______ لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز۔ ۴ جلدیں (ص ۲۴۲۶)۔

۹۵۔ حقانی، سیّد شاہ، نبیرہ شاہ برکت اللہ۔ تفسیر حقانی معہ ترجمہ قلمی ۔ ۱۲۰۶ھ (مخزونہ کتب خانہ سیّد احسن مارہروی ۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی)۔

۹۶۔ حلیم انصاری، محمد۔ الاتقان (ترجمہ تفسیر الاتقان از جلال الدین سیوطی) کراچی: نور محمد اصح المطابع، ۱۹۶۱ء ص ۱۲۲۴ (دراصل یہ تفسیر درمنثور کا مقدمہ ہے)۔

۹۷۔ حنیف ندوی، مولانا محمد۔ تفسیر سراج البیان (مکمل) لاہور: ملک سراج الدین اینڈ سنز۔ (ص ۱۵۰۰)۔

۹۸۔ حیدر علی فیض آبادی، شیخ۔ تکملہ تفسیر عزیزی (بحکم نواب سکندر بیگم آف بھوپال) ۱۲۹۹ھ ۔ ۲۷ جلد۔

۹۹۔ حیرت دہلوی، مرزا محمد امراؤ۔ تفسیر بالحدیث (بر حاشیہ قرآن مجید مترجم) دہلی: کرزن پریس، ۱۳۱۹ھ۔

۱۰۰۔ خادم عبدالمجید سوہدروی۔ تفسیر القرآن (مع ترجمہ) رسالہ مسلمان بالاقساط شائع ہوئی۔ ۱۹۲۹ء ۔ سوہدرہ۔

۱۰۱۔ خالد محمود۔ آثار التنزیل۔ لاہور: ناشران قرآن، ۱۹۸۰ء ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



داؤد، مولوی محمّد (مترجم)۔ ترجمہ تفسیر کبیر از امام رازی ۔ جزاوّل
لاہور: ۱۹۰۷ء ۔

۱۰۲۔ دیدار علی شاہ الوری، مفتی۔ میزان الادیان بتفسیر القرآن۔ لاہور: منظور پریس ۔ ۱۳۴۶ھ ۔ ۲ جلد ۔

۱۰۳۔ ذوالفقار احمد بھوپالی۔ تفسیر ترجمان القرآن ۔ بلطائف البیان معہ ترجمہ شاہ عبدالقادر دہلوی ۔ آگرہ: ۹۸۔ ۱۸۸۵ء۔ (یہ تفسیر نواب صدیق حسن خاں کی اس نام کی تفسیر سے مختلف ہے)۔

۱۰۴۔ راحت حسین، کاتب اکبر آبادی (ناشر)۔ تنویر البیان اُردو خلاصہ المنہج۔ (مولفہ ملا فتح اللہ کاشانی)۔ آگرہ: مطبع اعجاز محمّدی ۔ ۱۹۱۱ء ۔
(نوٹ: مولوی سید محمّد حسین عرف سیّد علی مجتہد لکھنوی کی زیر نگرانی اس تفسیر کا ترجمہ ہوا اور متن قرآن کے مترجم مولوی سیّد علی مذکور ہیں)۔

۱۰۵۔ راحت حسین گوپاموی گوپال پوری ۔ سیّد۔ تفسیر انوار القرآن ۔ کھجوہ: اصلاح پریس، ۱۹۳۶ء، ۔ ۵ جلد (سورۂ بقر تک کی تفصیل پر مشتمل ہیں۔)

۱۰۶۔ رازی، امام فخرالدین ۔ تفسیر سراج المنیر (تفسیر کبیر کی پہلی جلد کا اردو ترجمہ از خلیل احمد اسرائیلی ساکن علی گڑھ ۔ امرتسر: (مطبوعہ) ۱۸۹۹ء۔

۱۰۷۔ رافت، رؤف احمد نقشبندی مجددی بھوپالی۔ تفسیر مجدّدی المعروف بہ تفسیر رؤفی، بمبئی: مطبع حیدری ۱۸۷۶ء ۔ ۳ جلد (آغاز ۱۲۰۹ھ / ۱۸۲۳ء اختتام ۱۲۴۸ھ / ۱۸۳۲ء)

۱۰۸۔ رحیم بخش دہلوی، مولوی (نظرثانی) اعظم التفاسیر (مع تراجم فارسی از شیخ سعدی، شاہ ولی اللہ دہلوی اور اُردو تراجم شاہ رفیع الدین و شاہ عبدالقادر دہلوی ۔ حاشیہ پر فیضی کی عربی تفسیر سواطع الالہام کا اُردو ترجمہ درج ہے) دہلی: میور پریس ۔ ۹۹۔ ۱۸۹۵ء ۔ ۷ جلد، جز۔ ۱، ۲، ۱۰، ۲۷، ۲۹ —
(ہر جز کا ٹائیٹل علیحدہ ہے مثلاً توجیہ الایمان ۔ تحقیق الایمان ۔ تکریم الایمان ۔ تنویر الایمان ۔ جز ۱۔ تعلیم الایمان، جز ۲۶ ۔ تصدیق الایمان ۔ جز ۲۹۔ تبصرۃ

toobaa-elibrary.blogspot.com



الایمان وغیرہ) (بحوالہ کتب خانہ برٹش میوزیم و انڈیا آفس ۔لندن) (منشی بلاقی داس ۔ مالک مطبع میور پریس نے چند علما سے مرتب کرائی)۔

۱۰۹۔ رمضان اکبر آبادی، مفتی محمد ۔**تفسیر ابن عباسؓ** (ترجمہ) آگرہ: گلشن ہند پریس، ۱۹۲۶ء ۔ ص ۳۰۱ (ترجمہ تفسیر تنویر المقیاس بالتفسیر عباسی از ابن حضرت ابن عباس ۔ مرتبہ مجدالدین فیروز آبادی (ترجمہ شاہ رفیع اللہ)۔

۱۱۰۔ رفیع الدین شاہ، پسر ابن شاہ ولی اللہ دہلوی (وفات ۱۲۴۹ھ) **تفسیر رفیعی** (مرتبہ نجف علی خان المعروف بہ فوجدار خاں) (یہ جزوی تفسیر ہے) ۔ مطبوعہ ۱۸۵۵ء (کتب خانہ خاص مولوی عبدالحق ۔کراچی)۔

۱۱۱۔ رفیق بلند شہری ۔ آغا **جواہر القرآن** ۔ (اردو ترجمہ تفسیر امام غزالی ۱۳۳۹ھ ۔

۱۱۲۔ رکانہ، محمد ۔**تفسیر جواہر القرآن** ۔ لکھنؤ: نولکشور پریس ۔ ۱۸۸۵ء۔

۱۱۳۔ روحی اکبر آبادی، فیروز الدین ۔**تفسیر القرآن** (مع ترجمہ) کراچی: سول اینڈ ملٹری پریس ۔ ۵۵ ۔ ۱۹۵۰ء ص ۱۷۲۸ ۔ ۳۰ پارے مع تفسیر علیحدہ علیحدہ شائع ہوئے۔

۱۱۴۔ زاہد القادری ۔**قرآنی آسان تفسیر** ۔ دہلی: ۔ ۱۹۲۷ء ۔

۱۱۵۔ زین العابدین ۔**تفسیر کاشف الغم** ۔ ۱۳۰۴ھ (بحوالہ کتابیات برائے ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد مرتبہ انتظام اللہ شہابی)۔

۱۱۶۔ ساجد الرحمٰن صدیقی ۔ مترجم ۔**اُردو ترجمہ تفسیر فی ظلال القرآن** ۔ (پارہ اول و دوم) ۱۹۷۴ء از سید قطب شہید ۔ سیالکوٹ: سید قطب شہید اکادمی ۔

۱۱۷۔ سراج الدین، محمد عبدالرؤف ۔**قرآن مجید مع تفسیر جلالین** ۔ آگرہ: ۱۹۰۰ء ص ۱۲۴۴ (بحوالہ فہرست کتب خانہ برٹش میوزیم ۔لندن)۔

۱۱۸۔ سرور شاہ احمدی ۔**تفسیر سروری معہ ترجمہ** ۔ (رسالہ تعلیم الاسلام، ضمیمہ ریویو آف ریلیجنز اور رسالہ تفسیر القرآن میں بالاقساط شائع ہوئی) ربوہ: ۱۹۰۶ء تا ۱۹۱۲ء ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۱۹۔ سعادت اللہ خاں، محمّد - مترجم - تفسیر لوامع البیان ـ حیدر آباد دکن : مطبع کریمی - ۱۳۴۵ھ - (ص ۳۸۰) (بحوالہ مطبوعات کتب خانہ ادارہ ادبیات اُردو - حیدر آباد دکن ۔

۱۲۰۔ سعد حسن یوسفی - تفسیر اعجاز القرآن فی اسرار البیان ـ حیدر آباد سندھ : ۱۹۶۸ء ـ جلد اول ۔

۱۲۱۔ سعید قادری حنفی، میر محمّد (احمدی) - تفسیر اوضح القرآن مسمیٰ بہ تفسیر احمدی (معہ ترجمہ) - آگرہ : مطبع مرتضائی - ۱۹۱۵ء ۱۶۵ + ۱۹۰ ۲ جلد ۔

۱۲۲۔ سلیم، محمّد (محمّد سلیم) - تفسیر القرآن لتخریج الفرقان ـ حیدر آباد دکن : مطبع حیدری ـ ۱۲۸۱ھ ۔

۱۲۳۔ سلیمان فاروقی، مولانا محمّد - توضیح القرآن ـ لاہور : لوز کمپنی (ص ۸۸)

۱۲۴۔ سہا، حکیم سیّد امیر حسن خاں - تفسیر احمدی (ترجمہ تفسیر ملا جیون امیٹھوی استاد شہنشاہ اورنگ زیب عالم گیر)

۱۲۵۔ سیّد احمد خاں - تفسیر القرآن ـ آگرہ ـ مفید عام پریس ـ مطبوعہ ۱۸۳۶ء جلد ہفتم قلمی ۔

جلد اول ـ سورۂ فاتحہ و سورہ بقر (ص ۳۱۴) ۱۸۸۰ء - علی گڑھ انسٹیٹیوٹ پریس -

جلد دوم ـ سورۂ آل عمران، سورۂ نساء و سورۂ مائدہ ـ ۱۹۰۶ء ۔

جلد سوم ـ سورۂ انعام و سورۂ اعراف ـ ۱۹۰۶ء ۔

جلد چہارم ـ سورۂ انفال، سورۂ توبہ اور سورۂ یونس ـ ۱۹۰۶ء ۔

جلد پنجم ـ سورۂ ھود تا سورۂ نحل ـ ۱۹۰۶ء ۔

جلد ششم ـ سورۂ بنی اسرائیل ـ ۱۹۰۶ء ۔

جلد ہفتم ـ سورۂ بنی اسرائیل کے بعد کی سورۃ سے سورۂ انبیاء تک (قلمی مخزونہ لٹن لائبریری ـ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ۔

۱۲۶۔ سیّد عالم فاروقی (گوجراں والا) - مفہوم القرآن ـ قلمی مملوکہ مصنّف ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۲۷۔ سیّد علی مجتہد بن سیّد دلدار علی۔ ترجمہ و تفسیر توضیح مجید فی تنقیح کلام اللّٰہ المجید ۔ (پہلا اُردو ترجمہ بقلم ایک شیعہ عالم)۔ بمبئی: مطبع حیدری ۱۲۵۲ھ ۴ جلد۔

۱۲۸۔ سیّد علی لکھنوی۔ تفسیر تنویر البیان۔ (مع ترجمہ)۔ آگرہ: مطبع اعجاز محمدی۔

۱۲۹۔ شائق احمد عثمانی۔ تفسیر القرآن ۔ دہلی: ۱۹۱۷ء۔

۱۳۰۔ شبلی، محمّد سعید۔ رحمت الرحمٰن فی تیسیر القران المعروف مختصر تفسیر شبلی ۔ لاہور: کریمی پریس ۔ ۱۳۴۲ھ (رسالہ "شریعت" ضلع فیروز پور میں جون ۱۹۲۴ء کے شمارہ سے بالاقساط شائع ہونا شروع ہوئی)۔

۱۳۱۔ شبیر احمد عثمانی، محمود حسن، مولانا۔ تفسیر عثمانی ۔ کراچی: نور محمّد کارخانہ تجارت کتب، تاج کمپنی لمیٹڈ پاکستان دار التصنیف لمیٹڈ کراچی۔ ترجمہ: مولانا محمود حسن دیوبندی۔ تفسیر: مولانا شبیر احمد عثمانی ۔ بجنور ۔ مدینہ بک ڈپو۔ ۱۹۳۲ء۔

۱۳۲۔ شریف حسین بریلوی ۔ سید (ش)۔ آثار حیدری ،۔ بمبئی: امامیہ کتب خانہ۔ ۱۳۲۰ھ ص ۶۴۸ (ترجمہ تفسیر عربی منسوب بہ حضرت امام عسکری ۔ ترجمہ پر نظر ثانی سیّد محمّد ہارون فرنگی پوری نے فرمائی)۔

۱۳۳۔ شریف خاں دہلوی ۔ حکیم محمّد (۱۱۳۸ھ ۔۔ ۱۲۲۲ھ)۔ اُردو ترجمہ و تفسیر قرآن مجید (بحوالہ قدیم اُردو) (نوٹ: یہ کتاب حکیم جمیل خاں دہلوی کے پاس تھی لیکن تفتیش سے اب معلوم ہوا کہ اب ان کے خاندان میں نہیں ہے کہیں ضائع ہوگئی)۔

۱۳۴۔ شفیع، مفتی محمّد۔ معارف القرآن ۔ کراچی: ادارۃ المعارف۔ دار العلوم ۸۲-۱۹۸۱ء ۔ ۸ جلد (ص ۳۹۸۰)۔

۱۳۵۔ شفیق اللہ ۔ محمّد۔ سائنٹیفک قرآن ۔ کراچی: ۱۹۶۱ء۔

۱۳۶۔ شمس الدین، محمّد۔ نظم البیان فی مطالب القرآن ۔ ترجمہ و تفسیر۔ لاہور: شمس الہند پریس۔

۱۳۷۔ شمسی، سلیم الدین ترجمہ قرآن مع تفسیر و تشریح ۔ (روزنامہ جنگ کراچی میں ہفتہ وار شائع ہوتا ہے ۔ مولانا احتشام الحق تھانوی کے انتقال کے بعد

toobaa-elibrary.blogspot.com



جاری کیا ہے)۔

صادق، مولوی محمد (سش) ترجمہ و تفسیر۔ لکھنؤ: نظامی پریس۔

۱۳۸۔ شمیم رجز۔ آبِ رواں۔ (پانچ جلدیں) لاہور: ادارہ تصنیف و تالیف اسلامیہ ۱۹۸۵ء۔ قرآن حکیم کے منظوم تراجم۔

۱۳۹۔ صارم ازہر، عبدالصمد۔ جواہر علوم قرآنی۔ لاہور: آزاد بک ڈپو۔ (ترجمہ تفسیر علامہ طنطاوی جوہری)۔

۱۴۰۔ صبغۃ اللہ بن بدر الدولہ قاضی محمد غوث ابن ناصر الدین مدراسی۔ تفسیر فیض الکریم مع ترجمہ۔ مدراس: مطبع مظہر العجائب۔ ۱۲۷۷ھ (ص ۶۸۴۸)۔

______ فیض الکریم۔ تفسیر قرآن العظیم۔ مدراس۔ مطبع عزیزی۔ ۱۳۱۳ھ۔ (بحوالہ فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق، کراچی) جلد اول۔ سورۂ فاتحہ سے سورۂ نسا تک (ص ۹۷۶)۔

______ حیدر آباد دکن: مطبع فیض عام۔ جلد دوم، تفسیر سورۂ مائدہ تا سورۂ توبہ (ص ۳۲۰)

۱۴۱۔ صدر الدین اصلاحی، مولانا۔ تلخیص تفہیم القرآن از سیّد ابوالاعلیٰ مودودی غازی آباد۔ مطبوعات اشاعت اسلام ٹرسٹ ۱۹۸۵ء۔ (۱۱۷۵)۔ بار دوم۔

۱۴۲۔ صدیق حسن خاں، نواب (وفات ۱۳۰۷ھ)۔ تفسیر ترجمان القرآن بلطائف البیان۔ ترجمہ و فوائد شاہ عبدالقادر کی تفسیر موضح القرآن۔ (نوٹ: تفسیر فتح القدیر از علامہ شوکانی کا خلاصہ کیا گیا ہے جو تفسیر ابن کثیر، بیضاوی، جلالین۔ کشّاف و تفسیر ابوسعود سے ماخوذ ہے۔) (ص ۴۸۷۵) آغاز ۱۳۰۲ھ تا ۱۳۰۷ھ (وفات نواب صاحب) باقی نصف تفسیر ان کے شاگرد مولوی ذوالفقار احمد نے ۸ جلدوں میں ۱۳۱۵ھ تک مکمل کی۔

آگرہ: مفید عام پریس۔ ۱۶۔ ۱۳۰۲ھ۔ ۱۶ جلدیں۔

کانپور: مطبع رزاقی۔ ۱۹۱۸ء۔ دیگر

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۴۳۔ صفدر حسین مودودی، سیّد۔ تفسیر قرآن مجید مع ترجمہ ختم الصحائف۔ قلمی ۔ ۱۲۶۰ھ (مملوکہ میاں محمود الحسن کمالیہ ۔ ضلع لائل پور۔ آخر میں غالب کا ۲۰ اشعار کا قطعۂ تاریخ ہے)۔

۱۴۴۔ ضرتب پادری۔ تفسیر تاویل القرآن ۔ لاہور: ۱۹۰۵ء۔

۱۴۵۔ طالب احمدی ۔ یعقوب علی۔ تفسیر القرآن ۔ غلام احمد قادیانی کی تعلیمات پر مشتمل ـــ ۱۹۰۱ء۔

۱۴۶۔ طنطاوی جوہری، شیخ۔ جواہر التفسیر ۔ ترجمہ عبد الرحمٰن رحمانی عمر آبادی عمر آباد ۔ جامع دار السلام ۔ ۱۹۳۸ء ۔ جلد اول۔

۱۴۷۔ ظفر احمد عثمانی، مولانا۔ تسہیل و تلخیص تفسیر بیان القرآن از مولانا اشرف علی تھانوی ۔ کراچی : ادارۃ القرآن۔

۱۴۸۔ ظفر حسن امروہوی، سیّد (ش)۔ تفسیر القرآن ۔ کراچی : شمیم بک ڈپو۔ ۸۵ ـ ۱۹۷۷ء ـ ۵ جلد۔

۱۴۹۔ ظہور الباری اعظمی۔ ترجمہ تفسیر جامع البیان از ابنِ جریر ـ دیوبند ۔ ۱۹۶۵ء۔

۱۵۰۔ ظہیر الدین بلگرامی۔ قرآن مجید مترجم مع تفسیر۔ لکھنؤ: ۱۸۷۳ء۔ (ص ۶۴۴) (بحوالہ فہرست برٹش میوزیم لائبریری ـ مطبوعہ ۱۸۸۹ء)۔

۱۵۱۔ عابد انصاری آسان تفسیر۔ حیدر آباد دکن : مکتبہ نشاۃ ثانیہ ۔ ۱۹۰۶ء (ص ۴۶)۔

۱۵۲۔ عابد الرحمٰن صدیقی کاندھلوی۔ اُردو ترجمہ تفسیر ابن عباسؓ۔ کراچی: کلام کمپنی ۱۹۸۶ء ـ ۳ جلد۔

۱۵۳۔ عبد الباری بھوپالی۔ حاشیہ تفسیر مدارک ـ (بحوالہ جلد اول۔ مفسر کو حیدر آباد کی طرف سے پچاس روپے وظیفہ جاری ہوا)۔

۱۵۴۔ عبد الباری فرنگی محلی۔ الطاف الرحمٰن بتفسیر القرآن ـــ (تفسیری مواعظ مرتبہ الطاف الرحمٰن قدوائی۔ لکھنؤ: نامی پریس ۱۳۴۳ھ۔ ۳ جلد۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۵۵۔ عبد الحق فاروقی دہلوی (ناشر) تفسیر قرآن ۔ دہلی : فاروقی پریس۔ ۱۹۴۸ء (پندرہ پاروں کی تفسیر انتظام اللہ شہابی نے لکھی۔ پندرہ پاروں کی تفسیر دوسرے علما سے لکھوائی گئی۔ (مستند تفاسیر سے اخذ و ترجمہ وغیرہ)۔

۱۵۶۔ عبد الحکیم، ڈاکٹر۔ جواہر التفاسیر۔ لاہور : مطبع احمدی۔ ۱۳۰۸ھ ۔ (ص ۶۸۲) (تفسیر میں تورات و انجیل سے زیادہ استفادہ کیا ہے)۔

۱۵۷۔ عبد الحکیم خان پٹیالوی، ڈاکٹر۔ حمائل التفسیر۔ تفسیر القرآن بالقرآن مع ترجمہ ۔ تراوڑی، کرنال : مطبع عزیزی۔ ۱۳۱۸ھ۔

۱۵۸۔ عبد الحئی احقر بنگلوری ۔ شاہ (م ۱۳۰۱ھ)۔ جواہر التفسیر فی السیر والتذکیر۔

۱۵۹۔ عبد الدائم جلالی رام پوری، سید۔ تفسیر بیان السبحان ۔ (بر صفحہ مقابل)۔ دہلی : حمیدیہ پریس ۔ ۱۳۵۸ھ (ص ۶۸۰)۔ دہلی : دفتر رسالہ مولوی ۔ ۱۳۷۱ھ۔

۱۶۰۔ عبد الرحمٰن بخاری ۔ تفسیر سعیدی ۔ لکھنؤ : نولکشور پریس ۔ ۱۹۳۰ء (اردو ترجمہ تفسیر حسینی از محمد کمال الدین واعظ کاشفی الہروی)

۱۶۱۔ عبد الرزاق، محمد۔ تفسیر رفیعی (شیخ یعقوب چرخی کی تفسیر کے انداز پر لکھی گئی)۔ قلمی ۔ ۱۸۵۵ء (کتب خانہ فیلسوف جنگ ۔ حیدر آباد دکن)۔

۱۶۲۔ عبد الرحمان رحمانی عمر آبادی۔ ترجمہ تفسیر جواہر التفسیر۔ از شیخ طنطاوی جوہری ۔ عمر آباد : جامع دار الاسلام، ۱۹۳۸ء ۔ جلد اوّل (ص ۶۵۸)۔

۱۶۳۔ عبد الرحیم۔ جواہر العلوم ۔ بمبئی ۔ کتابستان ۔ ۱۹۴۲ء (ص ۲۱۹)۔

۱۶۴۔ عبد الستار دہلوی ۔ تفسیر ستاری (مع ترجمہ) مع احسن التفاسیر۔ کراچی مکتبہ سعودیہ ۔ ۱۹۵۶ء۔

۱۶۵۔ عبد الصمد بن شکوہ الملک نصیر الدولہ بن عبد الوہاب خان بہادر نصرت جنگ ارکاٹ (۱۲۸۷ / ۱۲۵۰ھ)۔ تفسیر وہابی ۔ (یہ دکنی تفاسیر میں پہلی مکمل تفسیر بتائی گئی ہے)۔ ۱۱۸۷ھ ۔ ۴ جلد (ص ۱۶۷۲)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com


۱۶۶۔ عبدالصمد عمری (دلیر جنگ) ابن نواب عبدالوہاب نصرت جنگ برادرزادہ والاجاہ والی مدراس۔ تفسیر وہابی مع ترجمہ اُردو دکنی۔ قلمی۔ ۱۲۸۷ھ۔ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن (ص ۲۶۳۲) (نسخہ دوم)۔

۱۶۷۔ عبدالعزیز صمدنی۔ عزیز العلما قاری سید (بن منظور احمد)۔ عزیز التفاسیر جلد ۱ (ص ۲۶۵) ۔ ۱۹۲۳ء (حوالہ تراجم علمائے اہل حدیث ہند)۔

۱۶۸۔ عبدالعزیز و فضل الرحمٰن۔ عزیز البیان فی تفسیر القرآن برحاشیہ۔ لاہور: ابن محمدی پریس۔ ۱۳۷۱ھ۔ ص ۱۰۷۹۔

۱۶۹۔ عبدالعلی، علامہ شیخ۔ مواعظ حسنہ۔ لاہور: ادارۂ معارف اسلام۔ (ص ۴۲۴)۔

۱۷۰۔ عبدالقادر دہلوی، شاہ (وفات ۱۲۴۲ھ)۔ موضح قرآن۔ کلکتہ: مطبع احمدی ۱۸۲۹ء۔ ص ۸۵۰ (قلمی نسخے: قومی عجائب گھر کراچی، رضا لائبریری، رام پور، انڈیا آفس لائبریری لندن، کتب خانہ آصفیہ۔ حیدرآباد دکن) موضح قرآن تاریخی نام ہے جس سے ۱۲۰۵ھ برآمد ہوتے ہیں اس کے ساتھ موضح القرآن لکھنا غلط ہے۔

۱۷۱۔ عبدالقادر ہزاروی۔ (خطیب جامع مسجد چک ۷، مین لائن سرگودھا۔ تفریح الجنان فی تفسیر القرآن۔ لاہور: ایکسپرٹ لیتھو پرنٹنگ پریس۔ ۱۹۳۶ء۔

۱۷۲۔ عبدالقیوم خاکی۔ تفسیر ابن عربی کا تشریحی ترجمہ۔ ۱۸۹۸ء۔

۱۷۳۔ عبدالماجد دریابادی۔ تفسیر ماجدی۔ لاہور: تاج کمپنی۔ ۵۵-۱۹۵۲ء۔ جلد ۱ و ۲۔

۔۔۔ ۔۔۔ لکھنؤ: صدق جدید بک ایجنسی۔ ۱۹۵۷ء۔ جلد ۳ و ۴۔

۱۷۴۔ عبدالماجد۔ تیسیر القرآن فی ترجمۃ القرآن ۔ اُردو ترجمہ و تفسیر ۱۹۰۳ء۔

۱۷۵۔ عبدالماجد دہلوی، علامہ (ناظم جمعیت علماء دہلی)۔ تفسیر واضح البیان۔ دہلی: رسالہ پیشوا، ۱۹۳۰ء (یہ تفسیر تمام تفاسیر کا لب لباب ہے)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



(حواشی و مترجمین: شاہ رفیع الدین و مولانا اشرف علی تھانوی مع مقدمہ خواجہ حسن نظامی)۔

۱۷۶۔ عبدالمجید باجوڑی (پروفیسر مشن کالج پشاور) تفسیر القرآن (قلمی)۔ ۱۹۳۵ء۔ (ص ۸۰۰) (کچھ حصہ بالاقساط دربار اخبار آگرہ۔ ۱۹۳۶ء میں شائع ہوا)۔ یہ تفسیر مولوی سعادت اللہ اسرائیلی سنبھلی اور مولوی انعام اللہ خاں اکبرآبادی کے مشورہ سے مرتب ہوئی۔

۱۷۷۔ عبدالمجید بلگرامی۔ مترجم۔ تفسیر احمدی (مصنفہ ملاجیون استاد شہنشاہ اورنگ زیب عالم گیر) قلمی ۱۲۷۰ھ مخطوطہ۔ کتب خانہ سالار جنگ، حیدر آباد دکن۔

۱۷۸۔ عبدالمجید قریشی۔ خلاصہ تفسیر النار (سیّد رشید رضا مصری کی تفسیر النار کا ترجمہ بحوالہ رسالہ ایمان۔ جنوری ۱۹۳۹ء)۔

۱۷۹۔ عبدالمقتدر بدایونی۔ تفسیر قرآن۔ آگرہ: مطبع اعجاز محمّدی۔ ۱۹۰۴ء — (ترجمہ قرآن کے حاشیہ پر حضرت عبداللہ ابن عباس اور کچھ اپنی طرف سے تفسیری نکات کا اضافہ کیا ہے)۔

۱۸۰۔ ______ تفسیر القرآن (اُردو ترجمہ۔ تفسیر عباسی)۔ آگرہ: مطبع النور۔ ۱۳۱۵ھ (مع ترجمین از شاہ عبدالقادر، شیخ سعدی، حاشیہ پر تفسیر حسینی و اُردو ترجمہ تفسیر عباسی)

۱۸۱۔ عبداللہ، مولوی محمّد۔ تفسیر ام القرآن۔ بدایوں: نظامی پریس۔

۱۸۲۔ عبداللہ، ابواحمد محمّد۔ تفسیر البیان بفصاحتہ القرآن۔ کانپور: ۱۸۹۲ء۔

۱۸۳۔ عبداللہ ابن عباسؓ۔ تفسیر ابن عباس کامل۔ ترجمہ مولانا عابد الرحمٰن صدیقی کراچی: محمّد سعید اینڈ سنز — ۳ جلد (ص ۴۴۰ + ۴۶۲ + ۴۶۲)۔

۱۸۴۔ عبداللہ ابن عباسؓ۔ ترجمہ تنویر المقباس فی تفسیر ابن عباسؓ۔ مرتبہ صاحب قاموس علامہ مجد الدین شیرازی۔ آگرہ: مطبع امیر الدین گلشن ہند۔ ۱۹۲۶ء (صاحب قاموس نے حضرت ابن عباس کی طرف نسبت کردہ تمام تفسیری اقوال اور روایات کو یکجا کر کے تفسیر ابن عباسؓ کے نام سے مرتب کیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



یہ شاہ رفیع الدین کے ترجمہ قرآن کے حاشیہ پر بھی چھپی ہے)۔

۱۸۵۔ عبداللہ، سیّد۔ تفسیر مقبول۔ مطبوعہ۔ ۱۸۴۳ء۔

۱۸۶۔ عبداللہ چکڑالوی۔ تفسیر القرآن بآیات القرآن۔ سیالکوٹ: مطبع پنجاب۔ ۱۸۹۹ء — برہان القرآن علی صلوٰۃ القرآن۔ لاہور۔ ۱۹۳۵ء۔

۱۸۷۔ عبیداللہ، محمّد۔ تفسیر اقتباس الانوار من کلام الغفّار۔ لاہور: (ص ۶۰۸)۔

۱۸۸۔ عتیق اللہ بحر العلومی۔ مولانا ابوالقاسم محمّد۔ قرآن عظیم مترجم مع تفسیری حواشی۔ لکھنؤ: مکتبہ نظامیہ۔

۱۸۹۔ علماء الرحمٰن صدیقی۔ تفسیر زبدۃ البیان۔ لاہور: مطبع صدیقی۔ ۱۹۳۴ء۔

۱۹۰۔ علی احمد دانشمند جالندھری۔ آسان قرآن مجید (سلیس ترجمہ و تفسیر)۔ لاہور: نقوش پریس۔ ۱۳۷۵ھ/ ۱۹۵۶ء۔

۱۹۱۔ علی بخش پادری۔ تفسیر قرآن۔ لاہور: گوالمنڈی۔ ۱۹۳۵ء (اس میں شان نزول کے اعتبار سے صرف مکی صورتوں کو جمع کیا ہے اور قرآن مجید کو تورات اور انجیل کا خاکہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے)۔

۱۹۲۔ علی محمّد چوہدری (احمدی) اُردو ترجمہ تفسیر القرآن انگریزی۔ شائع شدہ از طرف سلسلہ احمدیہ (غیر مطبوعہ)۔

۱۹۳۔ علی نقی، مولانا۔ مقدمہ تفسیر القرآن۔ لاہور: ادارۂ علیہ پاکستان۔ (ص ۱۷۶)۔

۱۹۴۔ علی نقی (ش)۔ ترجمہ تفسیر و قرآن مجید۔ لکھنؤ: جلد اول۔ بقیہ غیر مطبوعہ)۔

۱۹۵۔ عمار علی، سید (رئیس سونی پت) م ۱۲۰۴ھ۔ عمدۃ البیان فی تفسیر القرآن (ترجمہ و تفسیر)۔ دہلی: مطبع یوسفی۔ ۲ جلد

جلد ۱ = ص ۸۱۸ — ۱۲۸۸ھ۔

جلد ۲ = ص ۶۹۹ — ۱۳۰۲ھ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۹۶۔ عمر قادری، سید شاہ محمّد (بادشاہ میاں)۔ تفسیر قادری کا اُردو ترجمہ المعروف باسم الحی کشف القلوب۔ مترجم مولوی احمد قادری۔ حیدر آباد: مطبع فیاض دکن شمس الاسلام۔ ۲۰۔ ۱۳۱۹ھ۔ ص ۶۵۲۔

۱۹۷۔ عنایت حسین محمّد۔ تفسیر القرآن۔ مکتوبہ ۱۹۱۱ء (قلمی نسخہ نذیریہ پبلک لائبریری۔ دہلی میں موجود ہے)۔

۱۹۸۔ غلام احمد پرویز۔ مفہوم القرآن۔ لاہور: ادارہ طلوع اسلام۔ ۳ جلدیں (ص ۱۵۰۰)۔

______ معارف القرآن۔ لاہور: ۴۹۔۱۹۴۱ء۔ ۴ جلد۔

۱۹۹۔ غلام اللہ خاں۔ جواہر القرآن۔ راولپنڈی: مکتبہ رشیدیہ۔ ۱۹۴۴ء۔ (قاضی عبد السبحان اوکاڑوی نے مواہب الرحمٰن رد جواہر القرآن کے نام سے تنقید لکھی)۔

۲۰۰۔ غلام حسن نیازی پشاوری (احمدی)۔ تفسیر قرآن موسوم بہ حسن بیان۔ (ترجمہ و مختصر مطالب) (مفسر کی عربی مہارت ناقص ہے)۔ لاہور: برانچ کیپٹل کوآپریٹو پریس۔ ۱۹۳۹ء ص ۶۰۶۔

۲۰۱۔ غلام محمّد غوث۔ عمدۃ البیان۔ لکھنؤ: مطبع نولکشور۔ (بحوالہ الفہرست)۔

۲۰۲۔ غلام وارث پیر (م ۱۹۶۶ء)۔ تبیان القرآن یا روح صدق۔ لاہور: دین محمّدی پریس۔ ۱۸۰۸ء۔ ۵ جلد۔

۲۰۳۔ غوثی حیدر آبادی۔ تفسیر غوثی۔ قلمی۔ ۱۲۵۰ھ (ص ۳۴) (بحوالہ فہرست کتب خانہ آصفیہ۔ حیدر آباد دکن: اس کا ایک نسخہ جامع مسجد بمبئی میں بھی ہے بحوالہ رسالہ نوائے ادب، بمبئی۔ جنوری ۵۳ء)۔

۲۰۴۔ فتح محمّد جالندھری۔ مختصر تفسیر القرآن۔ امرتسر: ۱۹۰۰ء۔

۲۰۵۔ فتح اللہ بن شکر اللہ الکاشانی۔ قرآن مجید مترجم مع ترجمۂ تفسیر خلاصۃ المنہج الموسوم بہ تنویر البیان فی تفسیر القرآن۔ بین السطور ترجمہ از سیّد محمّد حسین لکھنوی۔ آگرہ: ۱۸۹۵ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۲۰۶۔ فخر الدین، لکھنوی مولانا قاری ۔ مترجم۔ تفسیر قادری ۔ ترجمہ تفسیر حسینی فارسی ۔ از ملا کمال الدین حسین واعظ کاشفی ۔ لکھنؤ : مطبع نولکشور ۔ ۱۸۷۹ء ۲ جلد ۔ (جلد ۱ = ص ۷۱۳ ، جلد ۲ = ص ۶۵۸)۔

(حوالہ الفہرست ۔ ملا نے پہلے جواہر التفسیر فارسی میں لکھی تھی ۔ پھر اس کا خلاصہ مواہب عالیہ تفسیر حسینی کے نام سے کیا تھا)۔

۲۰۷۔ فخر الدین احمد فرنگی محلی۔ تفسیر قادری ترجمہ تفسیر حسینی از علامہ کاشفی الہروی لکھنؤ : نولکشور پریس ۔ ۱۸۸۶ء ۔ ص ۱۲۹۷ ۲ جلد ۔

۲۰۸۔ فخر الدین ملتانی۔ تفسیری : نوٹس موسومہ نور الدین درسی ۔ ۱۹۲۲ء ۔

۲۰۹۔ فرمان علی، حافظ (اثنا عشری) (وفات ۱۳۲۳ھ)۔ تفسیر قرآن مجید بطور ضمیمہ ترجمہ ۔ لکھنؤ : نظامی پریس ۱۳۳۶ھ ۔ ص: ۴۶

۲۱۰۔ فضل الرحمٰن ہزاروی ۔ تفسیر فضل الرحمٰن ملقب بہ جامع التفاسیر والاحادیث ۔ کراچی ۔ ۱۹۵۳ء ۔ ۳ جلد ۔

۲۱۱۔ فضل الرحمٰن گنج مراد آبادی (م ۱۳۱۳ھ)۔ درس قرآن ۔ ترجمہ از تجمل حسین بہاری ۔ جسے ناگری رسم الخط میں مولانا عبد الباری فرنگی محلی نے ۱۳۱۴ھ میں شائع کیا ۔

۲۱۲۔ فضل الرحمٰن و مولانا عبد العزیز۔ عزیز البیان فی تفسیر القرآن ۔ برحاشیہ لاہور : دین محمد پریس ۱۳۷۱ھ ص ۱۰۷۹ ۔

۲۱۳۔ فضل قدیر ندوی ۔ محمد۔ تفسیر ۔ راولپنڈی ۔ (انجمن فیض اسلام کے رسالہ میں شائع ہوتی رہی)۔

۲۱۴۔ فیروز الدین لاہوری، مولوی۔ تسہیل القرآن ۔ کراچی : فیروز سنز ۔ ۱۹۵۰ء (ص ۱۰۰۲)۔

۲۱۵۔ فیض حسن، مولوی سید۔ تفسیر خلیقی حیدر آباد دکن : اعظم اسٹیم پریس ۔ ۱۲۵۳ھ ۔ ۲ جلد ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۲۱۶۔ فیضی فیاضی، شیخ ۔ تفسیر سواطع الالہام (عربی بے نقط) ۔ اُردو ترجمہ پر حاشیہ تفسیر اعظم التفاسیر از مولوی رحیم بخش دہلوی ۔ دہلی: ۹۹ ۔ ۱۸۹۵ء۔

۲۱۷۔ قطب الدین دہلوی، خان بہادر نواب ۔ جامع التفاسیر ۔ کانپور : مطبع نظامی ۱۲۸۳ھ ۔ ۲ جلد (ص ۱۳۹۰)، دہلی : مطبع مرتضوی ۔ ۱۳۹۳ھ۔
(آخری سورتوں کی تفسیر سورۂ ملک سے سورۂ الناس تک محمّد عبد القادر سجادہ نشین نواب صاحب مرحوم نے کی ہے) (حوالہ : الفہرست، فہرست برٹش میوزیم لائبریری، لندن ۔ کتب خانہ مجلس دستور ساز پاکستان ۔ اسلام آباد)

۲۱۸۔ قطب شہید، سید ۔ تفسیر ظلال القرآن ۔ اردو ترجمہ از ساجد الرحمٰن صدیقی سیالکوٹ : سید قطب شہید اکادمی (طباعت جاری ہے)

۲۱۹۔ کامل شاہ دکھنی ۔ تفسیر ہندی ۔ قلمی ۔ ۱۲۷۵ھ ۔ (مخزونہ جامعہ عثمانیہ ۔ حیدر آباد دکن)۔

۲۲۰۔ کرامت علی جونپوری (وفات ۱۲۹۰ھ) ۔ کوکب دری ۔ بھوپال : شاہجہانی پریس، ۱۸۳۷ء۔

۲۲۱۔ کرم شاہ، الازہری، صاحبزادہ پیر محمّد ۔ تفسیر ضیاء القرآن ۔ لاہور : چودھری غلام رسول اینڈ سنز ۔ ۳ جلد۔

۲۲۲۔ محب اللہ فرنگی محلی ۔ جواہر التفسیر (قلمی) ۔ تاریخ نامعلوم (مخزونہ کتب خانہ سالار جنگ حیدر آباد دکن)۔

۲۲۳۔ محب اللہ الہ آبادی، شیخ ۔ تفسیر قرآن موسومہ ترجمۃ الکتاب

۲۲۴۔ محمّد بن ابراہیم جوناگڑھی، مترجم ۔ تفسیر ابن کثیر موسومہ تفسیر محمّدی ۔ کراچی: اصح المطابع ۔ ۱۹۳۵ء ۔ ۳۰ پارے (طبع ثانی ۱۹۵۴ء)۔

۲۲۵۔ محمّد بن بارک اللہ خاں ۔ تفسیر محمّدی ۔ لاہور : ۱۲۹۱ھ (حوالہ : فہرست پنجاب پبلک لائبریری لاہور)۔

۲۲۶۔ محمّد دہلوی تفسیر محمّدی (ترجمہ ابن کثیر) ۔ دہلی: ۱۹۲۳ء۔

۲۲۷۔ محمّد بن جعفر گجراتی، شیخ (۱۰۴۷ھ ۔ ۱۱۱۱ھ) ۔ تفسیر قرآن مجید بروایت اہلبیت ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۲۲۸۔ محمدّ بن ہاشم، مولانا (ساکن کھڈیاں)۔ **تکملہ تفسیر ترجمان القرآن** از نواب صدیق حسن خاں۔ آگرہ: مفید عالم پریس۔

۲۲۹۔ محمد حسن بن کرامت علی بن رستم علی امروہوی، شیخ (۱۳۲۲ھ)۔ **تفسیر غایۃ البرہان فی تاویل القرآن**۔ امروہہ۔ ۱۸۸۷ء۔

۲۳۰۔ محمدّ حسن نقوی امروہوی، حکیم سید (وفات ۱۸۹۹ء)۔ **تفسیر حسینی حیات سرمدی المعروف بہ غایۃ البرہان فی تاویل القرآن**۔ امروہہ۔ مطبع ریاضی۔ ۱۳۲۲ھ/ ۱۸۸۸-۹۴ء۔ ص ۱۴۴۷۔ ۳ جلد (جلد اول پر مقدمہ طبع ثانی۔ مراد آباد۔ ۱۹۰۳ء جلد دوم وسوم تفسیر) (مصنف نے آیات قرآنی کی تطبیق انجیل سے کرنے کی سعی کی ہے اور ساتھ ہی انجیل کا محرف ہونا بھی ثابت کیا ہے۔ ان کی کئی تفسیریں اور بھی ہیں۔)

نوٹ: ایک اور تفسیر غایۃ البرہان ہی کے نام سے ہے۔ (بحوالہ فہرست مکتبہ مشرقیہ پشاور۔ جلد ۱ ص ۳۱)۔

۲۳۱۔ ——— **تفسیر حضرت شاہی**۔ دہلی: مطبع مرتضوی۔ ۱۲۹۳ھ ص ۳۵۵۔ (مکمل نام "معاملات الاسرار فی مکاشفات الاحبار معروف بہ تفسیر حضرت شاہی)۔

۲۳۲۔ محمدّ حسن خاں۔ **دبستان التفاسیر**۔ ۱۲۷۸ھ (ص ۹۱۰)۔ ۲ جلد (حوالہ: الفہرست)۔

۲۳۳۔ محمدّ حسین **مضامین القرآن مسمی بہ تسہیل القرآن**۔ کراچی: ۱۹۴۸ء۔

۲۳۴۔ محمدّ حسین، سیّد (المدعو بہ سیّد علن (ش)۔ **تفسیر تنویر البیان ترجمہ تفسیر المنہج**۔ از فتح اللہ کاشانی۔ آگرہ: اعجاز محمدّی پریس۔ ۱۸۹۵ء۔

۲۳۵۔ محمدّ حسین دھاریوال۔ **تفسیر ربانی**۔ انجمن ربانی، دھاریوال (گورداسپور)

۲۳۶۔ محمدّ حسین، خلیفہ۔ **تفسیر اعجاز التنزیل**۔ حیدر آباد دکن: ۱۹۰۴ء۔

۲۳۷۔ محمدّ حسین قلی خاں نواب ابن مہدی قلی خاں نواب (ش) **ترجمہ قرآن شریف مع تفسیر**۔ لکھنؤ: مطبع اثنا عشری۔ ۱۸۸۶ء۔ ص ۱۳۳۴۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۲۳۸- محمّد شاہ سیّد - مطالب الفرقان فی ترجمہ القرآن (رجسٹرڈ) - لاہور: پیکو آرٹ پریس - ۱۳۰۰ھ - س ۱۶۵۶ (دائیں صفحہ پر متن اور بائیں صفحہ پر ترجمہ و تفسیر دو کالمی - دونوں صفحوں کا نمبر شمار ایک ہی قائم رکھا ہے نظر ثانی ۱- مرزا محمّد حنیف ندوی، ۲- مولانا شہاب الدین، ۳- پروفیسر یوسف سلیم چشتی -

۲۳۹- محمّد صادق - ترجمہ و تفسیر قرآن کریم - لکھنؤ: نظامی پریس -

۲۴۰- محمد عبدہٗ مصری، علامہ - روح المعانی - دہلی: نظام المشائخ - ۱۹۳۱ء - (تفسیر محمّد عبدہٗ کے خیالات سے استفادہ کر کے مرتب کی گئی ہے اور انھیں کے نام سے شائع کیا گیا ہے)-

۲۴۱- محمّد عسکری، سیّد - تفسیر نور مبین - (بحوالہ تحقیق الحق ص ۱)

۲۴۲- محمّد علی (لاہوری احمدی) - معارف القرآن - لاہور: احمدیہ انجمن اشاعت اسلام -

۲۴۳- ______ تفسیر بیان القرآن - لاہور: کریمی پریس - ۲ جلد - ۲۳-۱۹۲۱ء - طبع دیگر ۱۹۶۶ء، ۱۹۷۲ء-

۲۴۴- محمّد علی (تحصیلدار ساکن بچھراؤں)، مولانا - البرھان علیٰ تجھل من قال بغیر علم فی القرآن - مراد آباد: مطبع گلزار احمدی - ۱۸۸۵ء - (سر سید کی تفسیر کی رد میں ہے - بحوالہ داستان تاریخ اُردو از حامد حسین قادری ص ۳۶۲) (چند مجلدات ص ۱۵۰۰)-

۲۴۵- محمّد علی الصدیقی کاندھلوی، مولانا - تفسیر معالم القرآن - (۸ جلدیں)- سیالکوٹ: دار العلوم انجمن شہابیہ - ۱۹۷۶ء تا ۱۹۸۰ء (باقی جلدیں زیر طبع)-

۲۴۶- محمّد غوث - تفسیر فیض الکریم - مدراس: مخزن اخبار پریس - ۱۲۸۷ھ-

۲۴۷- محمّد میاں صدیقی - تلخیص تفسیر بیان القرآن - (مولانا اشرف علی تھانوی) و تلخیص تفسیر عثمانی - لاہور: ناشران قرآن لمیٹڈ (زیر طبع)-

۲۴۸- محمود النسا بیگم تفسیر قرآن مجید -

۲۴۹- محمود شاہ، محدث ہزاروی روح التفاسیر - حویلیاں: خانقاہ محبوب آباد-

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۹۱۹ء۔

۲۵۰۔ محمود شیرانی۔ قرآن پاک کی ایک قدیم تفسیر۔ دہلی: دیوان پریس۔ ۱۹۳۲ء (ص ۹۶) (یہ فارسی تفسیر ہے، اس کا دیباچہ صرف اُردو میں ہے جس میں تفسیری نکات تحریر کیے گئے ہیں)۔

۲۵۱۔ محی الدین خاں، ابوالحسن محمدؐ۔ الیقین۔ ترجمہ عربی تفسیر منسوب بہ حضرت امام حسینؑ موسومہ مراۃ العارفین۔ لاہور۔ ۱۹۰۱ء۔

۲۵۲۔ مختار احمد، سید۔ مختار البیان فی لغات القرآن۔ شمس الاسلام پریس۔ حیدر آباد: جلد اول (لغات القرآن کو بطرز تفسیر لکھا گیا ہے)۔

۲۵۳۔ مخدوم شاہ حسینی، میاں۔ تفسیر قرآن زبان دکنی۔ اُردو قلمی (مخزونہ کتب خانہ مولوی عبدالحق، کراچی)۔

۲۵۴۔ مرتضیٰ الہ آبادی۔ تفسیر مظہر العجائب۔ مطبوعہ۔ ۱۸۶۷ء۔

۲۵۵۔ مصطفیٰ بن محمدؐ سعید۔ القرآن المترجم مع تفسیر الحسینی وانڈیکس تجوید القرآن۔ آگرہ: ۱۲۰۸ھ ص ۱۲۶۶ (مخزونہ برٹش میوزیم لندن)۔

۲۵۶۔ مظہر علی سہسوانی، حکیم۔ تفسیر مظہر البیان۔ ۱۸۹۴ء

۲۵۷۔ معظم قاضی، محمدؐ، ابن مفتی محمدؐ اعظم سنبھلی۔ تفسیر ہندی۔ (قلمی۔ ۱۱۳۱ھ (کتب خانہ نواب نورالحسن بھوپال میں ہے)۔

۲۵۸۔ معین الدین، پیر احمدی۔ مخزن المعارف۔ ۱۹۲۳ء (تمام احمدی مترجمین اور مفسرین کی کتب وتفاسیر سے اخذ وانتخاب۔) جلد ۱۔

۲۵۹۔ معین الدین، پیر (احمدی)۔ مخزن معارف یعنی خلاصہ تفسیر کبیر از مرزا بشیر احمد محمود احمد۔ ۱۹۶۳ء۔ ۳ جلد۔

۲۶۰۔ مقبول احمد دہلوی (ش)۔ تفسیر مطابق روایات ائمہ اہل بیت کرام مع ترجمہ المعروف بہ ترجمہ مقبول۔ دہلی: مقبول پریس۔ ۱۹۲۱ء۔ ص ۹۶۶۔ ترجمہ نواب حامد علی خاں رام پوری کے ایما پر ۱۳۳۵ھ میں کیا گیا۔ ترجمہ وتفسیر کی غلط بیانیوں کو مولوی سراج الحق مچھلی شہری نے تنقید موسومہ فَبُہِتَ الَّذِی کَفَرَ۔ مطبوعہ اصح المطابع لکھنؤ واضح کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۲۶۱۔ مکرم شاہ، پیر محمّد۔ **ضیاء القرآن** (پانچ جلدیں)۔ لاہور: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، ۱۹۸۲ء، ص ۶۷۲ + ۷۳۶ + ۶۷۴ + ۷۱۲ + ۷۸۸

۲۶۲۔ ملاّ جیون، شیخ احمد صالحی (استاد عالم گیر اورنگ زیب)۔ **تفسیر احمدی** اُردو ترجمہ از حافظ عبد العلی بلگرامی۔ مخطوطہ ۱۲۷۰ھ۔ کتب خانہ سالارجنگ۔ حیدرآباد دکن۔

۲۶۳۔ ممتاز علی دیوبندی، سید و نجم الدین سہواروی۔ **تفصیل البیان** (مع ترجمہ) لاہور: گیلانی پریس۔ ۱۳۴۹ھ۔
(نام آیات قرآنی کو مضمون وار مع ترجمہ جمع کیا ہے۔ ترجمہ کی تکمیل مصنف کی وفات کے بعد نجم الدین سہواروی نے کی)۔

۲۶۴۔ منعم، قاضی سید نور الحق۔ **تفسیر القرآن**۔ ۱۱۸۸ھ۔ ۱۲۰۸ھ (نواب سید محمّد فیض اللہ خاں کی فرمائش پر یہ تفسیر لکھی۔

۲۶۵۔ ناصر الدین محمّد ابو المنصور۔ **تنقیح البیان در جواب تفسیر القرآن**۔ دہلی: از سر سید احمد خاں۔ دہلی۔ مطبع نصرت المطابع۔ ۱۲۹۹ھ۔

۲۶۶۔ نذیر احمد، شمس العلماء ڈپٹی۔ **حمائل شریف مع ترجمہ و تفسیر**۔ دہلی: مطبع انصاری ۱۳۱۶ھ ص ۹۶۰۔ (خوش نویسی مولانا ابو یوسف منشی محمّد دین دہلوی نے نہایت فن کارانہ اور صحت کے ساتھ کی ہے۔ اتنی دیدہ زیب ہے کہ بلاک کی چھپائی کا گمان ہوتا ہے)۔

۲۶۷۔ ــــــــ **ترجمہ قرآن مع تفسیر**۔ دہلی: ۱۹۲۰ء (ایک صفحہ پر متن اور مقابل صفحہ پر ترجمہ و تفسیر وغیرہ)۔

۲۶۸۔ نصیر الدین بن جلال الدین (م ۱۲۹۳ھ)۔ **التیسیر فی مہمات التفسیر**۔

۲۶۹۔ ــــــــ **نظامی تفسیر** (بحوالہ فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن) جلد ۱ (ص ۵۷۹)۔

۲۷۰۔ نعیم الدین مراد آبادی، مولانا مفتی محمّد۔ **تفسیر نعیمی**۔ لاہور: تاج کمپنی۔ ۲ جلد (ص ۸۸۸)

ــــــــ خزائن العرفان فی تفسیر القرآن حواشی پر ترجمہ قرآن مجید از احمد رضا خان

toobaa-elibrary.blogspot.com



بریلوی - مراد آباد - ۱۹۱۱ء -

۲۷۱- ـــــــــ تفسیر کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن - ۱۳۳۰ھ (ص ۷۱۶) (مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے ترجمہ پر یہ تفسیر چڑھی ہوئی ہے) (بحوالہ فہرست کراچی یونیورسٹی لائبریری)۔

۲۷۲- نکہت شاہجہاں پوری - بصائر القرآن - بمبئی - ۱۱۴۴ھ -

۲۷۳- واجد علی شاہ، نواب اودھ - صحیفہ سلطانیہ - (قرآن مجید کی جزوی تفسیر تالیف بزمانہ اسیری کلکتہ -) ۵۸ - ۱۸۵۵ء -

۲۷۴- واصف غلام مہدی - مترجم - ترجمہ جلالین - مدراس : مظہر العجائب پریس - ۱۲۷۸ھ (ص ۶۹۶) (بحوالہ کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبد الحق - کراچی)۔

۲۷۵- ـــــــــ تفسیر مطالب الفرقان مع ترجمہ جلالین و فوائد و مطالب بیضاوی - مدراس : مطبع مظہر العجائب - ۸۸ - ۱۲۸۷ھ - ص ۹۶ - ۲ جلد (قلمی نسخہ کتب خانہ سعیدیہ حیدر آباد - کتب خانہ سالار جنگ محفوظ ہے)۔

۲۷۶- واعظ کاشفی الہروی - ملا کمال الدین حسین - تفسیر حسینی اُردو (مترجم نامعلوم) مع اُردو ترجمہ شاہ عبد القادر دہلوی و انڈیکس موسومہ نجم الفرقان از مصطفیٰ بن مولوی سعید - آگرہ : ۱۸۹۵ء - مواہب العالیہ المعروف بہ تفسیر حسینی کا اُردو ترجمہ (مترجم نامعلوم) - ۱۸۹۳ء -

۲۷۷- وحید الزماں شاہجہاں پوری، مولانا - تفسیر وحیدی مع ترجمہ قرآن - بمبئی : مطبع مخدومی - ۱۳۲۳ھ (ص ۱۰۳۷) (حوالہ الفہرست)۔

۲۷۸- وحید الزماں بن مسیح الزماں المخاطب بہ نواب وقار جنگ بہادر (۱۳۳۷-۱۳۳۸ھ) تفسیر وحیدی مع ترجمہ موضح الفرقان - لاہور : مطبع احمدی ۱۳۲۲ھ (ترجمہ و تفسیر بنا بر عقیدہ سلفی) ص ۹۱

۲۷۹- ـــــــــ تبویب القرآن لضبطِ مضامین الفرقان مع تفسیر وحیدی - لاہور : مطبع احمدی -

toobaa-elibrary.blogspot.com



۲۸۰۔ وزیر سعید۔ **تفسیر احمدی**۔ آگرہ: مرتضائی پریس۔ (حوالہ فہرست کتب قدیمیہ اعظم اسٹیم پریس۔ حیدرآباد دکن)۔

۲۸۱۔ وزیر علی عرف محمد سلیم ابن مستور علی۔ **تیسیر القرآن و تسہیل الفرقان**۔ پہلی اشاعت ۱۲۶۰ھ۔ دوسری اشاعت ۱۲۶۵ھ۔ (خط نستعلیق)۔ کلکتہ: مطبع اسلامی۔ (کانپور سے بھی ۱۸۷۹ء میں شائع ہوئی)۔ (بحوالہ: انجمن ترقی اُردو لائبریری۔ کراچی۔ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن) برٹش میوزیم لائبریری۔ لندن۔

۲۸۲۔ ولی اللہ بن حبیب اللہ (م ۱۲۷۰ھ)۔ **معدن الجواہر (تفسیر القرآن)**

۲۸۳۔ ھاشم علی۔ **ترجمہ قرآن مجید مع تفسیر جلالین**۔ مطبوعہ۔ ۱۸۶۸ء

۲۸۴۔ یحییٰ کاندھلوی، محمد۔ **الکوکب الدری**۔ دہلی: ۱۹۳۳ء۔

۲۸۵۔ یسین علی، سید۔ **تفسیر القرآن**۔ حیدرآباد: (مصنف کو نواب حیدرآباد کی طرف سے وظیفہ جاری ہوا۔ کتاب کے متعلق مزید تفصیلات معلوم نہ ہوسکیں)۔

۲۸۶۔ یعقوب حسن سیٹھ مدراسی۔ **کتاب الہدیٰ**۔ (مضمون وار ترتیب میں قرآن مجید مع ترجمہ و تفسیر مقدمہ "کشاف الہدیٰ" کے نام سے مدراس سے ۱۲۴۳ھ میں شائع ہوا تھا)۔ بمبئی: خلافت پریس۔ ۱۹۲۶ء۔

۲۸۷۔ یعقوب علی تراب۔ **تفسیر القرآن**۔ قادیان:۔ ۱۹۰۰ء۔ جلد اول۔

۲۸۸۔ نامعلوم الاسم، مفسر۔ **تفسیر قرآن مجید** (مخطوطہ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد دکن) تصنیف نصف تیرھویں صدی۔

۲۸۹۔ ــــــــ **تفسیر قرآن مجید**۔ مرتبہ گیارھویں صدی ہجری۔ ص ۳۱۴۔ (کتب خانہ ادارہ ادبیات اُردو۔ حیدرآباد دکن)۔

۲۹۰۔ ــــــــ **نور افروز قرآن مجید مع کامل تفسیر**۔ کراچی: قرآن محل، (مترجمین مولانا محمود الحسن و مولانا اشرف علی۔ حاشیہ اہم تفاسیر کے خلاصوں سے مزین ہے)۔

۲۹۱۔ ــــــــ **تفسیر ریاض دلکشا**۔ قلمی۔ ۱۸۶۴ء (کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد دکن۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۲۹۲۔ ________ تفسیر وہابی (مخطوطہ) ۔ تصنیف ۱۰۸۷ھ۔ (مولوی عبدالحق نے سنہ تصنیف کو باعتبار زبان و بیان غلط قرار دیتے ہوئے اُسے ۱۲۸۷ھ لکھا ہے) ۔ (کتب خانہ مولوی عبدالحق، انجمن ترقی اُردو)۔

۲۹۳۔ ________ تفسیر عبّاسی ۔ ۱۹۲۰ء (مصنف کا نام معلوم نہیں لیکن یہ معلوم ہے کہ موصوف مولانا عبدالحامد بدایونی کے پیر طریقت تھے)۔

۲۹۴۔ ________ تفسیر ابر کرم ۔

۲۹۵۔ ________ تفسیر خلاصتہ الکشاف

۲۹۶۔ ________ تفسیر احسن الکلام ۔ لاہور: تاریخی کتب خانہ ۔ (حوالہ: الفہرست)۔

۲۹۷۔ ________ تفسیر سراج البیان ۔ لاہور: ملک سراج الدین۔

۲۹۸۔ ________ تفسیر آیات الاحکام ۔ ترجمہ تفسیر احمدی ۔ حیدرآباد دکن ۔ فہرست مطبع حیدری ۔

___ ملّا احمد جیون امیٹھوی کی تفسیر کا ترجمہ ۔ ایک صفحہ پر متن کلام پاک دوسرے صفحہ پر ترجمہ و تفسیر آیات الاحکام)۔

۲۹۹۔ ________ جواہر التفسیر ۔ قلمی ۔ (علامہ مجد الدین خاصہ شیرازی کی تفسیر کا اُردو ترجمہ) مخزونہ کتب خانہ امین منزل، حیدرآباد دکن۔

۳۰۰۔ ________ اعظم التفاسیر ۔ دہلی: میور پریس ۔ ۱۳۱۱ھ تا ۱۳۱۷ھ ۷ جلد۔

۳۰۱۔ ________ جدید الطبع مترجم، تفسیر قرآن مجید ۔ لاہور: ملک بن محمّد اینڈ سنز۔

۳۰۲۔ ________ تفسیر قرآن (مطابق امامیہ مذہب) غیر مطبوعہ ۔ مخزونہ ادارۂ ادبیات اُردو ۔ حیدرآباد دکن ۔

۳۰۳۔ ________ ترجمہ تفسیر ابن عربی (محی الدین اکبر)۔

۳۰۴۔ ________ شاندار متوسط قرآن مجید ... مع تفسیر کامل ۔ دہلی: نور محمّد اصح المطابع ۔ ۱۹۴۱ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۳۰۵۔ ـــــــــ تفسیر قرآن ۔ (غیر مطبوعہ) (مخزونہ کتب خانہ آصفیہ، حیدر آباد دکن ۔ غالباً یہ اردو کا قدیم ترین ترجمہ ہے)۔

۳۰۶۔ ـــــــــ تفسیر مرتضوی ۔ مطبوعہ کلکتہ ۔ مطبع مولوی عبد الماجد۔ ۱۱۹۴ھ ۔

۳۰۷۔ ـــــــــ تفسیر نظامی (غیر مطبوعہ) مخزونہ ۔کتب خانہ آصفیہ، حیدر آباد دکن ۔

۳۰۸۔ ـــــــــ تفسیر مع ترجمہ قرآن ۔ مطبوعہ دہلی : (ص ۱۷۰) بحوالہ خطبات گارساں دتاسی (پانچواں خطبہ) گارساں دتاسی لکھتا ہے کہ ایک ترجمہ (قرآن) جو دہلی میں چھپا ہے اس سے بڑی رواداری کا اظہار ہوتا ہے کیونکہ اس میں اہل سنت اور اہل تشیع دونوں کے عقائد کے مطابق تفسیر دی گئی ہے۔

۳۰۹۔ ـــــــــ تفسیر جواہر التفسیر ۔ ترجمہ اردو ـــ ۳ حصّے قلمی ۔ حوالہ فہرست کتب خانہ امین منزل ۔ حیدر آباد دکن ۔

(مولوی محب اللہ فرنگی محلی کا عطیہ ۔ تین حصّے دو جلدوں میں مجلّد ۔ یہ تفسیر علامہ مجدالدین خاصہ شیرازی نے فارسی میں لکھی تھی جس کا یہ ترجمہ ہے ۔ پہلے دس سپارے کا فارسی نسخہ مکتبہ مشرقیہ دارالعلوم پشاور میں موجود ہے ۔ (بحوالہ فہرست مکتبہ مشرقیہ ج ۱ ص ۳۲)۔

۳۱۰۔ ـــــــــ تفسیر القرآن ۔ اردو ناقص ۔ ص ۱۷۸ ۔ قلمی (حوالہ فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبد الحق کراچی)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حصّہ اول

## فصل دوم

# سورتوں کی تفاسیر

toobaa-elibrary.blogspot.com

## حصہ اول

## فصل دوم

# سورتوں کی تفاسیر

۱۔ آسی امرتسری، محمد عالم۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ امرتسر۔ الفقیہ۔

۲۔ ابراہیم رضا۔ تفسیر سورہ الفیل و اخلاص و فضائل بسم اللہ

۳۔ ابراہیم سیالکوٹی، مولانا میر محمد۔ تفسیر واضح البیان فی تفسیر أم القرآن
لاہور۔ ترجمان السنہ (ص ۵۶۰)۔

۴۔ ـــــــ عرائس البیان فی تفسیر سورۂ رحمان مع اردو ترجمہ۔
سیالکوٹ: طور پرنٹنگ پریس۔ ۱۳۷۴ھ / ۱۹۵۵ء۔

۵۔ ـــــــ نجم الھدیٰ فی تفسیر سورہ النجم مع اُردو ترجمہ۔ سیالکوٹ:
طور پرنٹنگ پریس۔ ۱۳۷۳ھ / ۱۹۵۴ء۔

۶۔ ـــــــ انوار الساطعہ تفسیر سورۂ واقعہ مع اُردو ترجمہ۔
سیالکوٹ: طور پرنٹنگ پریس۔ ۱۳۷۲ھ / ۱۹۵۳ء۔

۷۔ ـــــــ واضح البیان تفسیر سورۂ فاتحہ مع اُردو ترجمہ۔ سیالکوٹ:
طور پرنٹنگ پریس۔

۸۔ ـــــــ تفسیر سورۂ کہف۔ سیالکوٹ: طور پرنٹنگ پریس۔

۹۔ ـــــــ تبصیر الرحمٰن، تفسیر القرآن۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۰- ابن تیمیہ حرانی، علامہ۔ تفسیر سورہ معوذتین۔ ترجمہ عبدالرزاق ملیح آبادی۔ الہلال بک ایجنسی۔ لاہور۔

۱۱- ____ تفسیر سورۂ النور۔ اُردو ترجمہ۔ الہلال بک ایجنسی۔ لاہور۔

۱۲- ابوالاعلیٰ مودودی، مولانا سیّد۔ سورۂ توبہ۔ لاہور: ادارہ ترجمان القرآن، ۱۹۸۰ء، ص ۱۳۲۔

۱۳- ____ تفسیر سورۂ لقمان۔ لاہور: مکتبہ ترجمان القرآن۔ (ص ۴۰)۔

۱۴- ____ تفسیر سورۂ نور۔ لاہور: مکتبہ تعمیر انسانیت۔ (ص ۹۶)۔

۱۵- ____ تفسیر سورۃ الاحزاب۔ لاہور: اسلامک پبلیکیشنز۔ ۱۹۸۰ء۔ ص ۱۴۴۔

۱۶- ____ تفسیر سورۃ الحجرات۔ لاہور: مکتبہ ترجمان القرآن۔ ۱۹۸۰ء، (ص ۵۴)۔

۱۷- ____ تفسیر سورۂ فاتحہ والبقر۔ لاہور: مکتبہ انسانیت۔ (ص ۵۶)۔

۱۸- ____ تفسیر سورہ الفتح۔ لاہور: مکتبہ ترجمان القرآن۔ (ص ۵۲)۔

۱۹- ____ تفسیر سورہ المائدہ۔ لاہور: مکتبہ تعمیر انسانیت۔

۲۰- ____ تفسیر سورہ یٰسین۔ لاہور: مکتبہ تعمیر انسانیت۔

۲۱- ____ و مولانا مظہر الدین شیرکوٹی۔ تفسیر سورہ التین۔ لاہور: محمّد شریف تاجر کتب۔ ۱۹۲۲ء۔ (اس کے ساتھ شاہ عبدالعزیز دہلوی کی اسی سورۃ کی اُردو تفسیر بھی شامل ہے)۔

۲۲- ابوالسعد محمّد اسماعیل۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ لاہور: اسلامک لٹریچر کمپنی۔ ۱۹۲۹ء۔ (اُردو ترجمہ تفسیر محمّد عبدہٗ مصری)۔

۲۳- ابوالفضل، مرزا۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ الہ آباد: کتابستان۔ ۱۹۲۰ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com




۲۴۔ ابو الکلام آزاد، مولانا۔ اُمّ الکتاب یعنی تفسیر سورۂ فاتحہ۔ لاہور: اسلامی اکادمی۔ ۱۹۷۵ء۔

۲۵۔ ________ حضرت یوسف علیہ السّلام (تفسیر سورۃ یوسف)۔ لاہور: ادبستان ــ ص ۱۴۲۔

۲۶۔ ________ اصحاب کہف۔ لاہور۔ شعاع ادب۔ ص ۱۴۴۔

۲۷۔ ________ القول المتین فی تفسیر سورۃ والتّین۔ لاہور: مطبع کریمی، ۱۳۴۰ھ۔

۲۸۔ احمد الدین، خواجہ، امرتسری۔ تفسیر بیان الناس۔ امرتسر: ثنائی برقی پریس۔ ۱۹۲۸-۳۵ء (سورۂ فاتحہ کی تفسیر ہے) ۷ جلد۔

۲۹۔ سید احمد سعید دہلوی، سحبان الہند مولانا۔ تفسیر فاتحۃ الکتاب۔ دہلی: ۱۳۵۰ھ (قرآن مجید کی وہ آیات جن میں سورۂ فاتحہ کے الفاظ آئے ہیں جمع کر کے تفسیر کی گئی ہے)۔

۳۰۔ احمد علی، مولانا۔ تفسیر سورۃ عصر۔ لاہور: انجمن خدام الدین ــ ص ۱۸

۳۱۔ ________ تفسیر سورۃ علق۔ لاہور: انجمن خدام الدین۔ ص ۱۸

۳۲۔ ________ تفسیر سورۃ کوثر۔ لاہور: انجمن خدام الدین۔ ص ۱۸

۳۳۔ ________ تفسیر سورۃ قریش۔ لاہور: انجمن خدام الدین۔ ص ۱۸

۳۴۔ ________ تفسیر سورۃ معوذتین۔ لاہور: انجمن خدام الدین۔ ص ۱۸

۳۵۔ ________ تفسیر سورۃ انبیا۔ (ص ۱۰) کتب خانہ خاص مولوی عبدالحق کراچی:۔

۳۶۔ احمد یار، حافظ۔ دستور حیا (تفسیر سورۃ النساء)۔ لاہور: رفیق مطبوعات۔ (ص ۵۷۹)۔

۳۷۔ ________ علم و عرفان (تفسیر سورۂ آل عمران)۔ لاہور: رفیق مطبوعات۔ (۵۱۵)۔

۳۸۔ اسمٰعیل، ڈاکٹر میر محمّد (احمدی) ترجمہ سورہ رحمٰن تا آخر القرآن۔ (حٰم سجدہ، یٰسین، ملک، نوح، مزمل کے علاوہ آٹھ دیگر سورتوں کی تفسیر)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۳۹۔ اسمٰعیل۔ ابو اسعد محمّد۔ تفسیر سورہ فاتحہ۔ لاہور: ۱۹۲۹ء۔

۴۰۔ ارشد خاں بھٹی، محمّد۔ سورۃ البقر (ترجمہ و تفسیر)۔ لاہور: نقوش پریس۔ ۱۹۶۲ء (کتاب مطالعہ قرآن و حدیث شامل ہے)۔

۴۱۔ ازہر میرٹھی، شبیر احمد۔ مفتاح القرآن (تفسیر سورۂ فاتحہ)۔ کرم پور: ۱۹۶۸ء۔

۴۲۔ اشرف، محمّد: مترجم۔ ترجمہ تفسیر مظہری۔ دہلی: ۱۹۰۷ء۔

۴۳۔ اشرف شمسی، مولانا سید الازہار النافعہ فی تفسیر سورۂ فاتحہ۔ حیدر آباد: مطبع کریمی۔ ۱۳۴۴ھ۔

۴۴۔ ــــــــ لوامع البیان (تفسیر سورہ عبس، تکویر۔ بروج)۔ حیدر آباد: حمایت دکن پریس۔ ۱۳۴۹ھ۔

۴۵۔ اشرف جیلانی کچھوچھوی، علامہ ابو المحامد، سید محمّد۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ الہ آباد: بحوالہ رسالہ پاسبان۔ ۱۹۶۲ء۔ (رسالہ پاسبان الہ آباد۔ مئی/جون ۱۹۶۲ء کے شماروں میں شائع ہوئی)۔

۴۶۔ اشفاق علی، ڈاکٹر۔ تفسیر سورۂ آلِ عمران۔ علی گڑھ:۔

۴۷۔ اظہار الحسنین، مولوی سید (ش) انوار القرآن (تفسیر سورۃ البقر۔ لکھنؤ: (شیعی نظریہ سے سورۃ البقر کی تفسیر کی گئی ہے)۔

۴۸۔ افتخار احمد چشتی، غلام احمد حریری، صفدر علی چودھری۔ تشریح القرآن (سورۂ آل عمران) برائے طلباء بی اے سال اول۔ لاہور: کوآپریٹو پریس۔ ۱۹۶۴ء۔

۴۹۔ اقبال، شیخ محمّد (ایم۔اے)۔ سورۃ آلِ عمران از تفسیر بیضاوی۔ لاہور: علمی کتاب خانہ۔ ص ۲۲۷۔

۵۰۔ ــــــــ توضیح القرآن (سورۂ نساء)۔ لاہور: علمی کتب خانہ۔ ۱۹۶۲ء۔ (ایک ترجمہ لفظی دوسرا بامحاورہ۔ مشکل الفاظ کے معانی کا اہتمام اور ابتدا میں خلاصہ مضامین سورۃ دیا گیا ہے)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۵۱۔ ـــــــــــ توضیح القرآن (تفسیر سورۃ آل عمران، نساء، بقرہ، محمدؐ، فتح، حجرات)۔ لاہور: علمی کتب خانہ۔

۵۲۔ ـــــــــــ توضیح القرآن (تشریح سورۃ فاتحہ و بقر)۔ لاہور: علمی کتب خانہ۔ (ص ۵۲۸)

۵۳۔ ـــــــــــ توضیح القرآن (تشریح سورۃ بقر)۔ لاہور: علمی کتب خانہ۔ (ص ۲۷۶)۔

۵۴۔ ـــــــــــ توضیح القرآن (تفسیر سورۃ آل عمران)۔ لاہور: علمی کتب خانہ۔ (ص ۳۷۲)۔

۵۵۔ اکبر علی۔علم القرآن یعنی مطالب القرآن۔حیدرآباد: ۱۳۳۹ھ۔

۵۶۔ اکرام الدین، مفتی محمدؐ۔تفسیر سورۃ یٰسٓ و مزمل۔قلمی ۱۲۶۳ھ۔ (کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق، کراچی)۔

۵۷۔ اکرام محمدؐ، شیخ۔تفسیر سورۃ بقر۔

۵۸۔ ـــــــــــ تفسیر سورۃ فاتحہ۔دہلی: رسالہ انیس نسواں ۱۹۴۰ء۔

۵۹۔ اکرام الدین دہلوی، حافظ محمدؐ۔تحفۃ الاسلام (تفسیر سورۃ فاتحہ) مع ترجمہ تحت اللفظ۔کانپور: نولکشور۔ ۱۳۰۱ھ/۱۸۸۳ء۔

۶۰۔ ـــــــــــ تفسیر ایزدی (تحفۃ الاسلام)۔ پہلی سورۃ کا ترجمہ و تفسیر۔ حاشیہ پر تفسیر فتح العزیز از شاہ عبدالعزیز دہلوی۔ ۱۸۹۱ء۔

۶۱۔ ـــــــــــ تفسیر اُردوی سورۃ فاتحہ مع ترجمہ۔ لکھنؤ: ۱۸۶۹ء۔

۶۲۔ الجیلی۔عبدالکریم۔الکھف والرّقیم فی شرح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ترجمہ محمدؐ تقی حیدر۔لاہور: الکتاب۔ ۱۹۷۷ء۔

۶۳۔ امیر الدین احمد واعظ، محمدؐ۔تفسیر ابر رحمت بارھویں سورۃ (سورۃ یوسف) کی تفسیر۔ دہلی: چشمہ رحمت۔ ۱۸۸۶ء۔

۶۴۔ امیر خسرو اشعری چشتی محمدؐ۔تفسیر سورۃ فاتحہ۔ مانسہرہ: مکتبہ اشاعت اسلام۔

۶۵۔ امیر علی، سیّد۔تفسیر مواھب الرحمٰن۔ لاہور: مکتبہ رشیدیہ۔ ۱۹۷۷ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۶۶۔ امین احسن اصلاحی، مترجم۔ ترجمہ مجموعہ تفاسیر۔ لاہور: مکتبہ جماعتِ اسلامی۔ ۱۹۵۵ء۔

(مولانا حمید الدین فراہی نے چند تفاسیر و سور و اصول پر جو کچھ عربی میں لکھا ہے۔ یہ اس کا ترجمہ ہے۔ اس میں مولانا فراہی کا مقدمہ تفسیر، تفسیر بسم اللہ، تفسیر سورۃ فاتحہ، الزاریات، القیامہ، التحریم، الکوثر، الکافرون، اللھب، الاخلاص کی تفاسیر میں علمی مباحث کو جمع کیا گیا ہے۔)

۶۷۔ ــــــــ تفسیر سورۃ عبس۔ سرائے میر اعظم گڑھ: مکتبہ حمیدیہ۔ ۱۹۴۰ء
(ترجمہ تفسیر عربی از حمید الدین فراہی)۔

۶۸۔ ــــــــ تفسیر سورۃ العصر۔ سرائے میر اعظم گڑھ: مکتبہ حمیدیہ۔ ۱۹۳۷ء
(ترجمہ تفسیر عربی از حمید الدین فراہی)۔

۶۹۔ انشاء اللہ، مولوی محمد، محمد داؤد لاہوری۔ فاتحۃ العلوم ترجمہ اردو (تفسیر سورۃ فاتحہ۔ جزاول تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی (م ۶۰۶ھ)۔ لاہور: حمیدیہ اسٹیم پریس۔ ۱۹۰۲ء۔

۷۰۔ انوار الحق علوی، مولانا۔ الناموس الفضل فی تفسیر سورۂ مزمّل۔ لاہور: اورینٹل کالج۔ ۱۹۳۰ء

۷۱۔ ــــــــ نور الحق فی تفسیر الفلق۔ لاہور: اورینٹل کالج۔ ۱۹۳۰ء

۷۲۔ انوار الحق قاسمی۔ انوار القرآن۔ تفسیر سورۃ فاتحہ۔ لاہور: اتحاد پریس۔ ۱۹۳۹ء۔

۷۳۔ انیس احمد۔ آسان ترجمہ سورۂ کوثر۔ لاہور: آرٹ پریس۔ ۱۹۶۵ء۔

۷۴۔ ایوب زاہدی۔ مولانا محمد۔ تفسیر سورۃ والتین و سورۃ العصر۔ کراچی:

۷۵۔ بدر الدین فاروقی۔ تفسیر سورۃ العصر (ترجمہ تفسیر محمد عبدہٗ) (مخزونہ کتب خانہ امین منزل۔ حیدر آباد۔ دکن)۔

۷۶۔ بشیر احمد ازہر میرٹھی۔ مفتاح القرآن (تفسیر سورۃ فاتحہ)۔ مکرم پور: ۱۹۶۸ء۔

۷۷۔ بشیر الدین محمود احمد، مرزا (احمدی)۔ تفسیر سورۂ کہف۔ قادیان: دفتر

toobaa-elibrary.blogspot.com



تحریک جدید۔

۷۸۔ ________ تفسیر سورۂ کہف ۔ گوجرانوالہ:۔ مکتبہ امین آباد۔
(تفسیر سورۂ کہف، تعبیر نامہ خواب کے انداز میں ہے۔ مصنف نے حقائق سے زیادہ کشف و رؤیا کی جانب زیادہ زور دیا ہے۔ کچھ تفسیری معلومات بھی شامل ہیں)۔

۷۹۔ بزمی، خالد۔ افہام القرآن ۔ سورۂ آل عمران اور سورۂ نسا کا اُردو ترجمہ و تفسیر لاہور: بُک ورلڈ ۔ ۱۹۶۵ء (ص ۲۶۳)۔

۸۰۔ بوعلی سینا، شیخ الرئیس۔ تفسیر سورۂ اخلاص ۔ اُردو ترجمہ از مولوی عبدالاحد۔ ۱۹۰۵ء۔ (اس کا قلمی نسخہ اسلام اللہ صوفی اکبر آبادی کے کتب خانہ میں ہے)۔

۸۱۔ تمنّا عمادی۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ کراچی: خاتونِ پاکستان ۔ ۱۳۸۴ھ۔

۸۲۔ ثناء اللہ امرتسری، مولانا ابوالوفا۔ تفسیر سورۂ یوسف و تحریف بائبل۔ (مترجمہ)۔ امرتسر: ثنائی برقی پریس ۔ ۱۳۶۲ھ/ ۱۹۴۴ء۔

۸۳۔ جمال الدین حیدر۔ تفسیر القرآن ابتدائی سورتوں کی ۔ آگرہ: مفید عام پریس۔

۸۴۔ حسام الدین محمّد فاضل، علامہ ۔ تفسیر فاضل ۔ تفسیر تعوذ و تسمیہ ۔ حیدرآباد دکن: جلالیہ پریس ۔ ۱۳۶۱ھ۔ (فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق کراچی)۔ جلد ۔ ۲۔

۸۵۔ ________ تفسیر فاضل سورۂ فاتحہ ۔ حیدرآباد دکن: جلالیہ پریس۔ ۱۳۶۱ھ۔

۸۶۔ حسن علی ملک ۔ احسن القصص ۔ تفسیر سورۂ یوسف مع ترجمہ ۔ لاہور: رفیق عام پریس ۔ ۱۹۲۵ء۔

۸۷۔ ________ تفسیر سورۂ اخلاص ۔ لاہور: مسلم پرنٹنگ پریس۔ ۱۹۳۹ء (کتاب عجائبات قرآن میں شامل ہے)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۸۸۔ حسین فقیر، مولوی۔شرح الصدر تفسیر سورۃ القدر مع ترجمہ۔ دہلی: ۱۹۰۳ء۔

۸۹۔ حکیم، سید۔تفسیر الجواہر الفرید فی سورۃ توحید۔ (سورۂ اخلاص)۔ مراد آباد: افضل المطابع۔ ۱۳۲۸ھ۔ (فہرست کتب خانہ خاص ڈاکٹر مولوی عبدالحق، کراچی)

۹۰۔ حمد اللہ صدیقی۔تفسیر سورۂ اخلاص۔ (حوالہ فہرست صدیق بک ڈپو لکھنؤ)۔

۹۱۔ حمید الدین ناگوری، شیخ۔تفسیر سورۃ والضحیٰ۔ لاہور: اللہ والے کی قومی دکان۔ ص ۵۳۔

۹۲۔ خالد بزمی۔افہام القرآن۔ سورۂ آل عمران اور سورۂ نساء کا اردو ترجمہ و تفسیر۔لاہور: بک ورلڈ۔ ۱۹۶۵ء۔

۹۳۔ خدا بخش۔تفسیر سورۂ فاتحہ و سورۂ اخلاص۔ حیدر آباد: مقنن پریس۔

۹۴۔ خلیق احمد، حافظ مفتی، صدر خطیب ریاست جوناگڑھ۔سورۂ کہف مترجم مع شرح و فوائد۔ ۱۹۴۴ء۔

۹۵۔ داؤد، محمد (نظر ثانی مولوی محمد انشاء اللہ خاں)۔فاتحۃ العلوم یعنی ترجمہ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ لاہور: حمیدیہ اسٹیم پریس۔ ۱۹۰۷ء۔
(تفسیر کبیر جلد اول از امام فخر الدین رازی۔ م ۶۰۶ھ۔ اردو ترجمہ)
نوٹ: مولوی انشاء اللہ لاہوری نے بھی اس کا ترجمہ کیا ہے۔

۹۶۔ داؤد، محمد۔تفسیر داؤدی (سورۃ الطارق)۔ لاہور: کھوکھر پبلشرز۔ ص ۹۸۔

۹۷۔ ــــــــــ تفسیر داؤدی (سورۂ انشقاق)۔ لاہور: کھوکھر پبلشرز۔ ص ۲۳۲۔

۹۸۔ دل محمد، خواجہ۔تفسیر سورۂ فاتحہ۔لاہور: ۱۹۴۷ء۔

۹۹۔ دیدار علی شاہ پوری۔تفسیر سورۂ فاتحہ۔ میزان الادیان۔ تفسیر القرآن۔ لاہور: ۱۹۲۷ء۔ ۲ جلد۔

۱۰۰۔ ذوالفقار احمد نقوی بھوپالی، مولوی۔تکملہ تفسیر ترجمان القرآن

toobaa-elibrary.blogspot.com


بلطائف البیان (سورۂ مریم تا سورۂ تحریم) ۔ آگرہ: مفید عام پریس۔

۱۰۱۔ تفسیر سورۂ البلد۔ آگرہ: مفید عام پریس۔

۱۰۲۔ ______ تفسیر القرآن (تفسیر سورۃ البقر)۔ سورۂ بقر کی تبلیغی تفسیر۔ لکھنؤ: صدیق بک ڈپو۔

۱۰۳۔ رانی گل بیگم۔ تفسیر سورۂ یوسف۔ لاہور: اورینٹل کالج میگزین۔ ۱۹۳۳ء (مخزونہ کتاب خانہ پروفیسر شیرانی۔ لاہور)۔

۱۰۴۔ رحیم الدین، محمد۔ سورۂ فاتحہ، والعصر، الم تر تا والناس۔ بارہ چارٹوں کی صورت میں۔ حیدر آباد دکن: انتظامی پریس۔

۱۰۵۔ رحیم بخش خاں بہادر، حاجی۔ موزِ سورۂ الکہف۔ لاہور: حجازی پریس۔

۱۰۶۔ رحیم بخش خان بہادر، حاجی۔ حروف مقطعات کے اشارات وکنایات۔ لاہور: فیروز پرنٹنگ۔

۱۰۷۔ رفیع الدین محدث دہلوی، شاہ۔ تفسیر رفیعی (سورۂ بقر)۔ لاہور: مطبع نقشبندی ۱۲۷۲ھ/ ۱۸۵۵ء (سید نجف علی نے شاہ صاحب سے پڑھ کر تحریر کی اور شاہ صاحب نے نظر ثانی فرمائی، خواجہ یعقوب چرخی کی فارسی تفسیر حاشیہ پر چھپی ہے)۔

۱۰۸۔ زاہد الحسینی، قاضی محمد۔ درس سورۂ فاتحہ (سورۂ فاتحہ کی تفسیر درس کی شکل میں) کیمبل پور: دار الارشاد۔

۱۰۹۔ ______ تفسیر تعلیم القرآن (سورۂ بقر و سورۂ نساء)۔ کیمبل پور: دار الارشاد۔

۱۱۰۔ زاہد القادری، مولانا۔ قرآن، آسان تفسیر پارہ ۱ تا ۵ مع اردو ترجمہ۔ دہلی: خواجہ بک ڈپو۔ ۱۹۲۷ء۔ معارف القرآن (تفسیر سورۃ العصر)۔ دہلی: بلال پریس۔ ۱۹۲۵ء۔

۱۱۱۔ زور آور الدین، نواب اور وقار الدین، نواب۔ رفیق المسلمین (تفسیر سورۂ یٰسٓ)۔ دہلی: جید برقی پریس۔

۱۱۲۔ سپہ دار خاں دہلوی، محمد۔ مظہر علوم معروف بہ تفسیر ھود۔ دہلی: مجتبائی پریس۔ ۱۳۱۰ھ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۱۳۔ سعادت اللہ خاں، محمد۔ لوامع البیان (تفسیر النبا۔ النازعات)۔ حیدر آباد دکن کریمی پریس۔ ۱۳۴۵ھ۔

۱۱۴۔ سعید احمد خاں۔ تفسیر سورۂ آلِ عمران (برائے طلبہ بی۔اے سال اول)۔ لاہور: شیخ غلام حسین اینڈ سنز۔ ۱۳۸۳ھ۔

۱۱۵۔ سعید شبلی، محمد۔ تفسیر الرحمٰن۔ مکتسر ضلع فیروز پور: رسالہ شریعت۔

۱۱۶۔ سلطان محمد خاں پادری۔ سلطان التفاسیر (سورۂ فاتحہ تفسیر)۔ لاہور: مرکنٹائل پریس۔ ۱۹۲۹ء۔

۱۱۷۔ سلمان منصور پوری، قاضی محمد سلیمان۔ الجمال والکمال مع اردو ترجمہ وتفسیر سورۂ یوسف۔ لاہور: اسلامیہ اسٹیم پریس۔ ۱۳۴۱ھ۔

اشاعتِ دیگر: مع مقدمہ غلام رسول مہر۔ لاہور: مکتبہ رحمانیہ۔ ۱۹۶۲ء۔ نیا ایڈیشن۔

۱۱۸۔ سلیمان ڈومیلوی، محمد۔ تحقیق انیق فی قصہ یوسف الصدیق۔ سیالکوٹ: ۱۹۱۰ء۔

۱۱۹۔ سید احمد، مولوی۔ تفسیر سورۂ یٰسٓ۔ (مطبوعہ) (مخزونہ کتب خانہ خاص مولوی عبدالحق، کراچی)۔

۱۲۰۔ سید احمد، مولوی اور عبدالحی، مولانا۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ کلکتہ: مطبع بدر علی۔ ۱۲۳۶ھ (ص ۴۵) (اس کتاب کا مخطوطہ ادارۂ ادبیات اُردو حیدر آباد دکن میں موجود ہے۔ بحوالہ تذکرۂ اُردو مخطوطات از ڈاکٹر زور)۔

۱۲۱۔ سید احمد خاں، سر۔ تفسیر سورۃ البروج۔ لاہور: مصطفائی پریس۔

۱۲۲۔ سید احمد شہید۔ تفسیر سورۂ فاتحہ مع ترجمہ۔ کراچی: ۱۳۸۲ھ/۱۹۶۳ء۔ (بار اول مولوی بدر علی کے مطبع مدراس میں، ۱۲۳۷ھ میں طبع ہوئی)۔

۱۲۳۔ سید محمد اشرفی جیلانی، علامہ ابوالمحامد۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ الہ آباد، پاسبان۔ ۱۹۶۲ء۔

۱۲۴۔ سید محمود، علامہ۔ تفسیر سورۂ والعصر۔ دہلی: رسالہ پیشوا۔ ۱۹۳۰ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۲۵۔ شائق احمد عثمانی۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ کراچی: علمی مرکز۔ ۱۹۵۳ء۔

۱۲۶۔ ________ تفسیر سورۂ الملک، الدہر، النباء، البلد، العٰدیات۔ کلکتہ۔ عصر جدید، ۱۹۳۰ء۔

۱۲۷۔ شبیر احمد عثمانی دیوبندی، مولانا۔ تفسیر سورۃ الحجرات۔ دیوبند: مکتبہ دار التبلیغ۔ ۱۹۳۲ء۔

۱۲۸۔ شفق عماد پوری، مولانا۔ کنز المعانی (تفسیر سورۃ الفاتحہ)۔ لاہور: ۱۹۲۳ء

۱۲۹۔ شمس الدین نقشبندی مجددی میرٹھی۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ لاہور: انارکلی پرنٹنگ پریس۔

۱۳۰۔ شمس اللہ قادری حیدر آبادی، حکیم سید۔ تفسیر الجواہر الفرید فی سورۃ التوحید (سورۂ اخلاص)۔ مراد آباد: افضل المطابع۔ ۱۳۲۸ھ۔

۱۳۱۔ شیخ حسین۔ محب الاتقیا تفسیر سورۂ رحمٰن۔ قلمی (مخزونہ کتب خانہ خاص مولوی عبدالحق، کراچی)۔

۱۳۲۔ صدر الدین، مولانا۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ لاہور: احمدیہ انجمن اشاعت اسلام۔ ص ۷۶۔

۱۳۳۔ صدیق حسن خاں، نواب۔ تذکیر الکل بتفسیر الفاتحہ واربع قُل۔ آگرہ: مفید عام پریس۔

۱۳۴۔ طاہر قادری، محمد۔ تفسیر سورۂ یوسف۔ لاہور: مکتبہ جدید۔ ۱۹۵۵ء۔

۱۳۵۔ طاہر قاسمی، محمد۔ تفسیر سورۂ یوسف۔ کراچی: مکتبہ ادب جدید۔

۱۳۶۔ ________ التعوذ فی الاسلام۔ دیوبند: مطبع قاسمی۔ ۱۳۵۴ھ/ ۱۹۳۵ء (رسالہ نور الفلق و رسالہ نور میں شامل ہے)۔

۱۳۷۔ ظفر علی، مولانا۔ تفسیر غلبۂ روم (تفسیر سورۂ روم)۔ لاہور: انجمن حمایت اسلام۔ (ص ۲۴۲)۔

۱۳۸۔ ظہور احمد وحشی۔ سراج المبین (تفسیر سورۂ یٰسین)۔ حیدر آباد: اعظم اسٹیم پریس۔ ۱۹۳۹ء۔

۱۳۹۔ ظہور علی بن حیدر علی۔ تفسیر القرآن۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۴۰۔ عابد انصاری - آسان تفسیر (پارۂ عم کی آخری دس سورتوں کی تفسیر مع معانی مفردات)۔ حیدر آباد دکن: مکتبہ نشاۃ الثانیہ - ۱۹۵۶ء۔

۱۴۱۔ عاشق الٰہی بلند شہری، مولانا۔ تفسیر سورۂ فاتحہ - ملتان: رحیمیہ کتب خانہ۔

۱۴۲۔ عبد الاحد - ذخیرۂ عقبیٰ (تفسیر سورۃ والانشراح) - ۱۳۲۵ھ (حوالہ کتب خانہ آصفیہ - حیدر آباد)۔

۱۴۳۔ عبد الباری ندوی فرنگی محلی، مولانا۔ تفسیر سورہ والعصر المسمیٰ بہ نظام صلاح و اصلاح - کراچی: مشہور آفسٹ لیتھو پریس - ۱۹۶۲ء۔

۱۴۴۔ عبد الصبیر سیوہاروی، مولانا۔ اسرار التنزیل فی تفسیر سورہ فیل - ۱۳۵۰ھ (حوالہ تاریخ التفسیر از صارم)۔

۱۴۵۔ عبد الجلیل نعمانی مصطفیٰ آبادی۔ الفوز العظیم (تفسیر سورۂ یٰس والصّٰفّٰت وص)۔ حیدر آباد دکن: اقبال دکن پریس - ۱۳۲۶ھ۔

۱۴۶۔ عبد الحکیم دہلوی، حکیم، بن عبد الرحیم - فاتحۃ الحکیم (تفسیر سورۂ فاتحہ)۔ بمبئی: مطبع محمدی - ۱۸۷۱ء۔

۱۴۷۔ ________ حسن یوسف (تفسیر سورۂ یوسف)۔ لکھنؤ: ۱۹۳۲ء۔

۱۴۸۔ عبد الحکیم لکھنوی، حکیم محمد، ابن حکیم کاظم علی - تفسیر سورۂ یوسف - (حوالہ فہرست صدیق بکڈپو)۔

۱۴۹۔ عبد الحکیم خاں۔ ذکر الحکیم نمبر ۲ - یعنی تفسیر سورۂ الحمد - آگرہ: ۱۸۹۷ء۔

۱۵۰۔ عبد الحیٔ فاروقی، خواجہ محمد (سابق استاد جامعہ ملیہ دہلی)۔ الخلافت الکبریٰ تفسیر سورۂ بقر - علی گڑھ

۱۵۱۔ ________ فیض عام پریس - ۱۳۴۰ھ (تفسیر الفرقان فی معارف القرآن کا ایک حصہ)۔

۱۵۱-الف ________ بیان تفسیر سورۂ آل عمران (مع ترجمہ) - علی گڑھ: محمدی پریس - ۱۹۲۰ء (تفسیر الفرقان فی معارف القرآن کا ایک حصہ)

۱۵۲۔ ________ بصائر (بنی اسرائیل) سے متعلق آیات کی تفسیر) دہلی: جامعہ اسلامیہ - ۱۹۳۶ء - (تفسیر الفرقان فی معارف القرآن کا

toobaa-elibrary.blogspot.com



ایک حصّہ)۔

۱۵۳۔ ________ سبیل الرشاد (تفسیر سورۂ حجرات) ۔ علی گڑھ: فیض عام پریس ۔ ۱۹۰۹ء ۔ (تفسیر الفرقان فی معارف القرآن کا حصّہ)۔

۱۵۴۔ ________ برہان (تفسیر سورۂ نور) ۔ دہلی: محبوب المطابع ۔ ۱۹۲۰ء ۔ (تفسیر الفرقان فی معارف القرآن کا ایک حصّہ)۔

۱۵۵۔ ________ الصراط المستقیم (تفسیر سورہ و انفال و توبہ) علی گڑھ:۔ مفید عام پریس ۔ ۱۹۲۰ء ۔ (تفسیر الفُرقان فی معارف القرآن کا حصہ)۔

۱۵۶۔ ________ سُبُل السّلام (تفسیر سورہ مجادلہ سے التحریم تک) دہلی: جامعہ ملیہ ۔ (تفسیر الفرقان فی معارف القرآن کا ایک حصہ)۔

۱۵۷۔ ________ عبرت (تفسیر سورہ یوسف) ۔ جامعہ اسلامیہ: ۱۹۲۶ء/۱۳۴۵ھ ۔ (تفسیر الفرقان فی معارف القرآن کا ایک حصہ)۔

۱۵۸۔ عبد الرحمٰن، ابو القاسم محمّد ۔ تفسیر سورۃ الاخلاص والفلق از بوعلی سینا کا اُردو ترجمہ وتفسیر ۔ ۱۸۹۴ء۔

۱۵۹۔ عبد الرحیم ۔ تفسیر سورۃ النور ۔ حیدر آباد دکن: ۱۹۳۱ء۔

۱۶۰۔ عبد الرحیم پشاوری، مولانا ۔ تفسیر معوذتین ۔ لاہور: الہلال بک ایجنسی۔ ۱۹۳۱ء ۔ (حافظ ابن قیم کے رسالہ کا ترجمہ)۔

۱۶۱۔ عبد الرزاق ملیح آبادی ۔ تفسیر سورۂ کوثر ۔ لاہور: الہلال بک ایجنسی۔ ۱۹۲۷ء۔

۱۶۲۔ عبد السّتار محدث دہلوی ۔ تفسیر سورۂ فاتحہ ۔ (بحوالہ فہرست پنجاب پبلک لائبریری ۔ لاہور)۔

۱۶۳۔ ________ اکرام محمّدی (تفسیر سورہ الضحیٰ) (پنجابی کے ساتھ زیر متن اُردو ترجمہ) ۔ لاہور: ۱۳۴۵ھ/۱۹۲۶ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۶۴۔ عبدالسلام قدوائی ندوی۔ روح القرآن (تفسیر سورۂ بقر)۔ نئی دہلی: مکتبہ جامعہ لمیٹڈ۔ ۱۹۸۰ء (ص ۴۰۳)۔

۱۶۵۔ عبدالصمد صارم الازہری ، مولوی۔ الدرا لمکنون فی تفسیر الماعون۔ ۱۳۵۴ھ۔ انوارالرحمن۔ لاہور: ادارۂ علمیہ۔

۱۶۶۔ عبدالصمد احمد فاروقی قادری چشتی۔ تفسیر سورہ فاتحہ۔ کراچی: جاوید پریس۔ ۱۹۶۷ء۔

۱۶۷۔ عبدالعزیز ابی محمد ابن حاجی محمود۔ تفسیر کلام علام الغیوب فی احوال یوسف ابن یعقوب یا تفسیر احسن الکلام فی احوال قصہ یوسف علیہ السلام۔ لاہور: مطبع اسلامی۔ ۱۳۲۷ھ/۱۹۰۹ء۔

۱۶۸۔ عبدالغفار۔ حفاظت خود اختیاری (تفسیر تعوذ)۔ حیدرآباد دکن: اعظم پریس۔

۱۶۹۔ عبدالغفور بخاری مشکوٰۃ الموحدین (تفسیر سورہ فاتحہ)۔ مسودہ قلمی۔ ۱۳۰۵ھ۔ (مخزونہ کتب خانہ فیلسوف جنگ۔ حیدرآباد، دکن)

۱۷۰۔ عبدالغنی شاہ۔ فضائل بسم اللہ مع تفسیر قل ہو اللہ۔ مطبوعہ لکھنؤ ۱۸۶۴ء۔

۱۷۱۔ عبدالقادر، محمد (سجادہ نشین نواب محمد قطب الدین خاں دہلوی)۔ ذخیرۂ عقبیٰ معروف تفسیر سورۃ الانشراح۔ دہلی: افضل المطابع۔ ۱۲۲۵ھ/۱۹۰۸ء۔

۱۷۲۔ عبدالقادر جان ہزاروی۔ تفسیر سورہ والعصر۔ امرتسر۔ ۱۹۲۳ء۔

۱۷۳۔ ________ تفریح جنان فی تفسیر ام القرآن۔ لاہور:۔ ۱۹۳۶ء۔

۱۷۴۔ عبدالقدیر صدیقی (سابق صدر شعبۂ دینیات جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن)۔ تفسیر سورہ فاتحہ۔ حیدرآباد دکن: مکتبہ ابراہیمیہ۔

۱۷۵۔ عبداللطیف بہاولپوری، مولوی۔ تفسیر البشریٰ للیاسین (تفسیر سورۂ یاسین)۔ ربوہ: عبداللطیف بہاولپوری۔ ۱۹۳۵ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۳ حصّے (ص ۳۵۴)۔

۱۷۶۔ ______ دستور الارتقا (بنی اسرائیل)۔ ربوہ: ۱۹۳۵ء۔

۱۷۷۔ عبداللطیف، محمّد۔ احسن القصص معروف بہ سورۂ یوسف۔ دہلی: مطبع انصاری۔ ۱۳۱۰ھ۔

۱۷۸۔ عبداللطیف افغانی اکبرآبادی۔ دستور الارتقا (تفسیر سورۂ الاسریٰ)۔ آگرہ: آگرہ اخبار پریس۔ ۱۹۳۰ء۔

۱۷۹۔ ______ تفسیر کلام ربانی (مختلف سورتوں کی تفسیر)۔ آگرہ: ۱۹۳۰ء۔

۱۸۰۔ عبداللہ، مولوی سیّد حاجی (ولد سیّد بہادر علی)۔ تفسیر مقبول۔ (سورۂ یٰسٓ، الرحمٰن، الواقعہ، تبارک الذی، نوح، الجن، المزمّل)۔ بمبئی: احمدی پریس۔ ۱۳۵۹ھ۔

۱۸۱۔ عبداللہ شاہ نقشبندی حیدرآبادی، مولانا سید ابوالحسنات۔ یوسف نامہ (تفسیر سورۂ یوسف)۔ حیدرآباد دکن۔ تاج پریس۔ ۱۳۴۸ھ۔

۱۸۲۔ عبداللہ، محمّد (ولد ہاشم علی امرتسری)۔ راہ و رسم منزلہا (تفسیر سورۂ مزمل)۔ امرتسر: وزیر ہند پریس۔

۱۸۳۔ عبداللہ قادیانی، محمّد۔ تفسیر آسمانی سبعًا من المثانی۔ تفسیر سورۂ فاتحہ۔ قادیان: ۱۹۱۱ء۔

۱۸۴۔ عبدالوحید عبدالمجید (ایڈیٹر اہل حدیث سوہدرہ) تفسیر سورۂ فاتحہ۔ گوجرانوالہ: مکتبہ نعیمہ۔

۱۸۵۔ عبدالہادی، مولوی۔ تفسیر سورۃ القدر (حوالہ کتب خانہ امین منزل۔ حیدرآباد دکن)۔

۱۸۶۔ عبید الرحمٰن رحمانی (استاذ جامع دار السلام عمرآباد) اُردو ترجمہ و تفسیر جواہر (سورہ بقرہ)۔ دیوبند: بیت الحکمت۔ ۱۹۳۸ء (شیخ طنطاوی جوہری۔ م۔ ۱۹۴۰ء کی تفسیر کا اُردو ترجمہ)۔

۱۸۷۔ عبدالرحیم پشاوری، مولانا۔ تفسیر سورۃ النور۔ حیدرآباد دکن: مکتبہ علمیہ۔ ۱۹۳۱ء (امام ابن تیمیہ کی تفسیر کا ترجمہ)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



۱۸۸۔ عبید اللہ سندھی، مولانا ۔ جنگِ انقلاب (تفسیر سورۂ انفال کی انقلابی تفسیر) ۔ لاہور : شیخ غلام علی ۔ ۱۹۵۵ء۔

۱۸۹۔ ———— دستورِ انقلاب (تفسیر سورۂ المزمل اور سورہ المدثر کی حکیمانہ تشریح) مرتبہ شیخ بشیر احمد لدھیانوی ۔ دیوبند : بیت الحکمت ۔ ۱۹۴۶ء۔

۱۹۰۔ ———— عنوان انقلاب (تفسیر سورۂ فتح) مرتبہ شیخ بشیر احمد لدھیانوی دیوبند : مکتبہ بیت الحکمت ۔ ص ۱۴۳۔

۱۹۱۔ ———— قرآنی دستورِ انقلاب (تشریح سورۂ مزمل وکوثر) ۔ مرتبہ بشیر احمد شیخ ۔ لاہور : مکتبہ بیت الحکمت ۔ ص ۲۰۷۔

۱۹۲۔ عثمان جالندھری، شیخ ۔ تفسیر سورۂ رحمٰن ۔ لاہور : اللہ والے کی قومی دکان۔

۱۹۳۔ عسکری، حکیم سید محمد ۔ نور مبین تفسیر سورۂ یٰسٓ ۔ کانپور : ۱۸۹۹ء۔

۱۹۴۔ عزیز الدین شاہ میر عالم الحسینی قادری نقشبندی ۔ چراغ ابدی (چراغ ہدایت) جو صرف پارہ عم اور سورۂ فاتحہ کی تفسیر پر مشتمل ہے ۔ تکمیل ۲۲ شوال ۱۲۴۶ھ۔

۱۹۵۔ عطاء الرحمٰن صدیقی ۔ زبدۃ البیان اذکار محبوب کنعان ۔ تفسیر سورۂ یوسف دہلی : ۱۹۲۴ء۔

۱۹۶۔ عماد الدین ۔ تفسیر محمدی (ترجمہ تفسیر ابن کثیر) ۔ دہلی : ۱۹۰۳ء۔

۱۹۷۔ عنایت اللہ اثری گجراتی اہل حدیث ۔ تفسیر العبس فی تفسیر سورۂ عبس ۔

